کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ فرزندِ کشمیر

کوئٹہ — راولاکوٹ

بانی: محمد شوکت

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

جلد18 جمعہ 23 اکتوبر 2026ء 11 جمادی الاول 1448ھ قیمت 5روپے شمارہ نمبر501

ہمارا کام پالیسی تجویز کرنا یا حفاظتی معیارات مقرر کرنا نہیں ہے، پاکستان

فنڈز کی کمی کے باوجود اقوامِ متحدہ کے تابکاری سے متعلق سائنسی ادارے کی اہم خدمات قابلِ تحسین ہیں، پاکستان


ہمارا کام پالیسی تجویز کرنا یا حفاظتی معیارات مقرر کرنا نہیں ہے۔انہوں نے وضاحت کی کہ کمیٹی کا بنیادی کام دستیاب سائنسی شواہد کا غیر جانبدارانہ جائزہ لینا اور ایٹمی تابکاری کے طبی، صحت سے متعلق اور ماحولیاتی اثرات کا مطالعہ کرنا ہے

اقوام متحدہ (این این آئی) پاکستان نے تابکاری کے اثرات کا مطالعہ کرنے والی اقوام متحدہ کی اہم سائنسی کمیٹی کے انتہائی اہم کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ مالی وسائل کی کمی کے باوجود یہ ادارہ اہم اعداد وشمار فراہم کر رہا ہے جو رکن ممالک کو صحت اور ماحولیات کے تحفظ کے معیارات وضع کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ بات اقوام متحدہ میں پاکستان مشن کے فرسٹ سیکرٹری انصار شاہ نے گزشتہ روز خصوصی سیاسی اور نوآبادیاتی امور سے متعلق جنرل اسمبلی کی فورتھ کمیٹی کے کام پر ہونے والی بحث سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ سات دہائیوں کے دوران اقوام متحدہ کی سائنسی کمیٹی برائے اثرات ایٹمی تابکاری نے ایٹمی تابکاری کی سطح، اس کے اثرات اور خطرات کے بارے (بقیہ 2صفحہ 3پر)

کرک میں دہشتگردوں سے فائرنگ کا تبادلہ، ڈی ایس پی سی ٹی ڈی سمیت 4اہلکار شہید

فائرنگ کے تبادلے میں دومبینہ دہشت گردوں کی ہلاکت کی اطلاعات بھی موصول ہوئی ہیں، پولیس

کرک (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع کرک کے علاقے خرم محمد زئی کے چرپیرا میں پولیس اور نامعلوم مسلح افراد دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں محکمہ انسداد دہشت گردی کے ڈی ایس پی عمران الدین سمیت چار پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔پولیس کے مطابق خیبر پختونخوا پولیس نے ضلع کرک میں دہشت گردوں کے خلاف سرچ اینڈ (بقیہ 47صفحہ 3پر)



چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی سے مالدیپ کے صدرڈاکٹر محمد معزو ملاقات کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا دہشتگردی، بنیادی عوامی سہولیات کی عدم دستیابی سے بہت متاثر ہے، خیبر پختونخوا کے عوام محرمیوں کا شکار ہیں

حکومت عسکری قیادت کیساتھ ملکر خیبر پختونخوا کے عوام کے مسائل حل کریگی، شہباز شریف

امن اور ترقی کا دور واپس لاکر صوبہ کے عوام کی خوشحالی کے خوابوں کو عملی جامہ پہنائیں گے ،شہباز شریف

ہمیں مجبوری میں صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا،ا فیڈرل ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

پشاور(این این آئی)وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وفاقی حکومت، عسکری قیادت کے ساتھ ملکر خیبر پختونخوا کے عوام کے مسائل حل کرے گی، خیبر پختونخوا میں خوشیاں، امن اور ترقی کا دور واپس لاکر صوبہ کے عوام کی خوشحالی کے خوابوں کو عملی جامہ پہنائیں گے، خیبر پختونخوا دہشتگردی ، بنیادی عوامی سہولیات کی عدم دستیابی سے بہت متاثر ہے، خیبر پختونخوا کے عوام محرمیوں کا شکار ہیں،ہمیں مجبوری میں صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا۔وہ جمعرات کو گورنر ہاؤس پشاور میں نیشنل ایکشن پلان کی فیڈرل ایپکس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف کو فیڈرل ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں 12اضلاع میں ایمرجنسی کے نفاذ پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔خصوصی اجلاس کے دوران خیبر پختونخوا کے امن کیلئے قربانیاں دینے والے شہدا کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔وزیراعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا غیور اور بہادر لوگوں (بقیہ 1صفحہ 3پر)



رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ اسمبلی اجلاس میں تعزیتی قرارداد پیش کر رہے ہیں

پاکستان معاشی استحکام کے لیے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے کوشاں ہے، قیصر احمد شیخ

پاکستان کو چین کے معاشی ترقی کے تجربے سے استفادہ کرنا چاہیے جس نے تین دہائیوں تک مسلسل دوہرے ہندسے کی معاشی ترقی حاصل کی، وفاقی وزیر

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان معاشی استحکام اور پائیدار ترقی کے لیے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے مسلسل کوشاں ہے، سرمایہ کاری معاشی بحالی کا بنیادی ذریعہ ہے جو روزگار کے مواقع پیدا کرنے، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور پیداواری صلاحیت میں اضافے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد میں سی ای او سمٹ 2026 سے خطاب کے دوران کیا۔سمٹ کا موضوع مشکل حالات میں نمو: مستقبل کی نئی تشکیل تھا جس میں ممتاز کاروباری (بقیہ 39صفحہ 3پر)

ایل پی جی سلنڈر 10ہزار سے تجاوز کرنے کا خدشہ، قیمتیں روزانہ مقرر کرنے پر غور

حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی قیمتیں روزانہ مقرر کرنے پر غور، سلنڈر 10ہزار سے تجاوز کرنے کا خدشہ

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان میں ایل پی جی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوگیا جس سے قیمت 750روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے،حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی قیمتیں روزانہ مقرر کرنے پر غور کیا جا رہا ہے جس کے سبب سلنڈر 10ہزار سے تجاوز کرنے کا خدشہ ہے جب کہ اس کا مقصد سردیوں میں گیس نرخ بڑھنے اور ذخیرہ اندوزی روکنا ہے ادھر (بقیہ 3صفحہ 3پر)

صدر مملکت 22تا 24اکتوبر جرمنی کا دورہ کریں گے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری 22سے (بقیہ 4صفحہ 3پر)

مختلف شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط باہمی تعاون کے فروغ کے مشترکہ عزم کا مظہر ہیں، یوسف رضا گیلانی

پاکستان اور مالدیپ کے درمیان پارلیمانی، سفارتی اور معاشی تعاون کے فروغ کے وسیع امکانات ہیں، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور پارلیمانی، سفارتی اور معاشی تعاون کو نئی جہتیں دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع سینیٹر طلحہ محمود، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ سینیٹر فیصل سلیم رحمان، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خارجہ امور سینیٹر آغا شاہ زیب درانی، سیکرٹری سینیٹ اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان اور مالدیپ 2026 میں سفارتی تعلقات کے قیام کی 60ویں سالگرہ منا رہے ہیں جو دونوں ممالک کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کی اہم علامت ہے۔انہوں نے کہا کہ مختلف شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط باہمی تعاون کے فروغ کے مشترکہ عزم کا مظہر ہیں۔سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پارلیمانی سفارت کاری دونوں ممالک کے درمیان باہمی اعتماد اور ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنانے میں (بقیہ 40صفحہ 3پر)

سپریم کورٹ، ریکروٹمنٹ رولز 2014 بحال، فیڈرل سروس ٹریبونل کا فیصلہ کالعدم

سروس ٹریبونل کو پالیسی امور اور ریکروٹمنٹ رولز کا ڈھانچہ ختم کرنے کا اختیار نہیں تھا، جسٹس عائشہ اے ملک کا تحریری فیصلہ

اسلام آباد(این این آئی) سپریم کورٹ نے کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس ریکروٹمنٹ رولز 2014 کی بحالی کا حکم جاری کرتے ہوئے فیڈرل سروس ٹریبونل کا 17اکتوبر 2022 کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا۔جسٹس عائشہ اے ملک نے تحریری فیصلہ جاری کر دیا، سروس ٹریبونل نے 15 جولائی 2014 کے مرتب کردہ ریکروٹمنٹ رولز کو کالعدم قرار دیا تھا۔عدالت (بقیہ 5صفحہ 3پر)

پاک امریکا دوطرفہ تعلقات کو انسداد دہشت گردی سے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جانب نئی سمت کی ضرورت ہے، رضوان سعید شیخ

پاکستان نے مشرقِ وسطیٰ کے موجودہ بحران میں کلیدی سیاسی کردار ادا کیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاک امریکا دو طرفہ تعلقات کو انسداد دہشت گردی سے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جانب نئی سمت کی ضرورت ہے، پاک امریکا ٹیک کنیکٹ 2026 کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان تکنیکی اور کمرشل ہم آہنگی اور شراکت داری کی نئی راہیں ہموار کرنا ہے، پاکستان نے مشرقِ وسطیٰ (بقیہ 6صفحہ 3پر)

ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے کراچی سے روہڑی تک ریلوے لائن پر کام جلد شروع ہوگا، وزیر ریلوے

موجودہ حکومت نے ریلوے کی 2لاکھ ایکڑ اراضی واگزار کرائی ہے، محمد حنیف عباسی کی قومی اسمبلی میں آگاہی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے کراچی سے روہڑی تک ریلوے لائن پر کام جلد شروع ہوگا، موجودہ حکومت نے ریلوے کی دو لاکھ ایکڑ اراضی واگزار کرائی ہے۔جمعرات کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران ارکان قومی اسمبلی صاحبزادہ صبغت اللہ، نثار احمد جٹ، پیر فضل شاہ اور سید رفیع اللہ شاہ کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے وزیر ریلوے نے کہا کہ ریلوے ٹریک کے دیرینہ مسائل ہیں کیونکہ یہ بہت پرانا ہے، موجودہ حکومت ریلوے لائن کی بہتری کیلئے کام کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے کراچی سے روہڑی تک ریلوے لائن پر کام جلد شروع ہوگا، یہ ایم ایل ون منصوبے کا حصہ ہے، روہڑی سے ملتان تک ریلوے لائن بچھانے پر بات چیت جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے (بقیہ 41صفحہ 3پر)

چین کے ساتھ ٹیرف رعایتوں میں اضافے کے لیے بات چیت جاری ہے، جام کمال

حکومت بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی بڑھانے کے لیے متعلقہ وزارتوں، محکموں اور نجی شعبے کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے، جام کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ حکومت برآمد کنندگان کو درپیش مسائل کے حل، کاروبار کرنے کی لاگت میں کمی اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی بڑھانے کے لیے متعلقہ وزارتوں، محکموں اور نجی شعبے کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے، اس ضمن میں برآمدات کی مسابقتی صلاحیت بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات پر کام جاری ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت تجارت میں برآمد کنندگان اور اعلیٰ سرکاری حکام کے ساتھ دوسرے اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں پاکستان کی برآمدات کو متاثر کرنے والے مسائل اور ان کے حل کے لیے متعلقہ سرکاری محکموں کی جانب سے کی گئی پیش رفت کا جائزہ لیا (بقیہ 46صفحہ 3پر)

پنجگور سے تعلق رکھنے والی ڈاکٹر گل سمین میروانی نے ینگ کنسلٹنٹ گائناکالوجسٹ ایوارڈ حاصل کر لیا

یہ اعزاز آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں منعقد ہونے والی 29ویں ایشیا اینڈ اوشیانا کانگریس آف اوبسٹیٹرکس اینڈ گائناکالوجی کے موقع پر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پنجگور کے علاقے وشبود سے تعلق رکھنے والی کنسلٹنٹ گائناکالوجسٹ ڈاکٹر گل سمین میروانی نے بین الاقوامی سطح پر نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے ینگ کنسلٹنٹ گائناکالوجسٹ ایوارڈ حاصل کیا ہے انہیں یہ اعزاز آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں 12 سے 15 اکتوبر 2026ء تک منعقد ہونے والی 29ویں ایشیا اینڈ (بقیہ 7صفحہ 3پر)

’’ڈی ایف پی‘‘ کا کشمیر پر ’’او آئی سی‘‘ کی حالیہ قرارداد کا خیرمقدم

جموں و کشمیر کے عوام اس تنازعے میں بنیادی فریق ہیں اور انہیں کسی بھی امن عمل میں شامل کیا جانا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی (ڈی ایف پی) نے کشمیریوں کی حق خود ارادیت کی جدوجہد کی حمایت کا اعادہ کرنے پر اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کا شکریہ ادا کیا ہے۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق، او آئی سی نے 17-18 اکتوبر 2026 کو بغداد میں منعقدہ وزرائے خارجہ کونسل کے 52ویں (بقیہ 11صفحہ 3پر)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ڈیجیٹلائزیشن مکمل، ٹیکس نظام میں مصنوعی ذہانت کے استعمال پر غور

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان کے وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیرصدارت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے ماہانہ کارکردگی جائزہ اجلاس میں محصولات (بقیہ 8صفحہ 3پر)

لورالائی سرکل کے صارفین کیلئے کیسکو کھلی کچہری پروگرام 23اکتوبر (بروزجمعہ) منعقد ہوگی

کوئٹہ(این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) لورالائی (آپریشن) سرکل کے تمام صارفین کیلئے کھلی کچہری پروگرام 23اکتوبر 2026 کو (بروزجمعہ) صبح 10بجے سے دن 12بجے تک منعقد ہوں گے۔



ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چمن اشوک کمار راجپوت اسکول میں اساتذہ کی حاضری ریکارڈ چیک کر رہے ہیں

وفاقی حکومت نے ٹائروں اور موٹر سائیکل پرزہ جات کے نئے کسٹمز کوڈز جاری کردیے

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی حکومت نے کسٹمز نوٹیفکیشن ایس آر او (بقیہ 9صفحہ 3پر)

اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، عبدالرحیم زیارتوال

سیاسی لوگوں کیخلاف انتقام پر مبنی کاروائیاں جاری ہے، جھوٹا مقدمہ فوری ختم اور انہیں رہا کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے اپنے پریس ریلیز میں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کو قتل دروغ گوئی پر مشتمل مقدمے میں گرفتاری قابل مذمت ہے۔ اصغر خان کی گرفتاری دراصل تعصب کی بنیاد پر کی گئی ہے انکے خلاف مقدمہ دروغ گوئی اور جھوٹ پر مبنی ہے۔

عالمی بینک کی پاکستان میں مہنگائی کی شرح 8.2فیصد رہنے کی پیش گوئی

نیویارک(این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان کی ترقیاتی صورتحال سے متعلق سال 2026 کی اقتصادی رپورٹ جاری کردی جس میں بتایا گیا ہے کہ مالی سال (بقیہ 10صفحہ 3پر)

آذربائیجان کے راستے یورپ جانے کی غیر قانونی کوشش ناکام، 3 مسافر آف لوڈ

مسافروں نے ویزوں اور ٹکٹوں کے انتظام کے لیے وہاڑی کے ٹریول ایجنٹس کو 6لاکھ روپے ادا کیے تھے

ملتان (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن ملتان نے آذربائیجان کے راستے یورپ جانے کی غیر قانونی کوشش ناکام بناتے ہوئے 3مسافروں کو آف لوڈ کر دیا۔ترجمان ایف آئی اے کے مطابق مسافر فلائی دبئی کی پرواز ایف زیڈ 26 کے ذریعے ملتان سے آذربائیجان جا رہے تھے۔

سردار ایاز صادق سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز کی ملاقات، اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال

پارلیمانی سفارتکاری علاقائی ممالک کے درمیان تعلقات کے فروغ میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے، ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز نے ملاقات کی جس میں اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ پارلیمانی واقتصادی تعلقات سمیت اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔

2026میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7فیصد ریکارڈ، عالمی بینک کی رپورٹ

اسلام آباد(این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان کی ڈیولپمنٹ اپ ڈیٹ 2026 کی اقتصادی رپورٹ جاری کردی۔ عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق 2026 میں (بقیہ 14صفحہ 3پر)

پیٹرولیم لیوی کا خاتمہ، وزیراعظم شہباز شریف و حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات (آج) متوقع

احسن اقبال سے گفتگو کے دوران پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کے مطالبے پر حکومت سے جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیم کا اجلاس طے ہوگیا، لیاقت بلوچ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے ٹیلی فونک رابطہ کیا ہے اس حوالے سے جاری کیے گئے بیان میں نائب (بقیہ 12صفحہ 3پر)

بیگم نصرت بھٹو بہادر سیاسی رہنما، آمریت کے خلاف مزاحمت کی علامت اور ایک شفیق ماں تھیں، صدر

ہر لڑکی کو بیگم نصرت بھٹو کی جدوجہد اور زندگی کی کہانی سے آگاہ ہونا چاہیے، آصف علی زرداری کا بیگم نصرت بھٹو کی برسی پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بیگم نصرت بھٹو کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو ایک بہادر اور ہمدرد سیاسی رہنما، آمریت کے خلاف مزاحمت کی علامت اور سب سے بڑھ کر ایک ایسی ماں تھیں جنہوں نے زندگی کے انتہائی گہرے ذاتی صدمات برداشت کیے تاہم اپنے اصولوں اور اقدار پر ثابت قدم رہیں۔ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق بیگم نصرت بھٹو کی 15ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ میرے لئے بیگم نصرت بھٹو ایک عظیم سیاسی رہنما سے بڑھ کر نہایت شفیق ماں تھیں جنہوں نے تاریخ کے کچھ تاریک ترین ایام میں اپنے خاندان کو متحد رکھا۔ انہوں نے اپنی زندگی (بقیہ 42صفحہ 3پر)

ہارون اختر کی ایس ایم ایز کے کاروباری کلسٹرز کے ساتھ مالی سہولتوں تک رسائی کے حوالے سے مشاورتی نشست، بینکوں کو کاروباروں کے لئے آسانیاں پیدا کرنے کی ہدایت

مالی وسائل تک بہتر رسائی سے ایس ایم ایز اپنے کاروبار کو وسعت دے سکیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت (بقیہ 13صفحہ 3پر)

جی ڈی پی کی شرح نمو میں بتدریج بہتری آئی ہے، بلال اظہر کیانی

طویل المعیاد بنیادوں پر مطلوبہ نتائج کے حصول کے لیے مالیاتی وفاقیت سے متعلق مسائل حل کرنا ہوں گے، بلال اظہر کیانی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ طویل المعیاد بنیادوں پر مطلوبہ نتائج کے حصول کے لیے مالیاتی وفاقیت سے متعلق مسائل حل کرنا ہوں گے، صوبوں کے ترقیاتی اخراجات کو قومی ترجیحات سے ہم آہنگ کرنے کے ساتھ ساتھ اضلاع میں وسائل کی منصفانہ تقسیم اور ان کے موثر استعمال کو بھی یقینی بنانا ضروری ہے۔ جمعرات کو یہاں سی ای او سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ ان گزشتہ دو سال کے دوران پاکستان نے معاشی استحکام کے (بقیہ 45صفحہ 3پر)



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بیوٹمز یونیورسٹی میں سالانہ سپورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب کے شرکاء خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں اصلاحات کے منصوبوں کی کمی نہیں، اصل مسئلہ ان پر مستقل مزاجی سے عملدرآمد اور تسلسل کا ہے، محمد علی

پاکستان کو معاشی چیلنجز سے نکالنے اور مستقبل میں مزید مضبوط بنانے کے لیے عزم، صبر اور مسلسل محنت کی ضرورت ہے، مشیر نجکاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نے کہا ہے کہ پاکستان میں اصلاحات کے منصوبوں کی کمی نہیں، اصل مسئلہ ان پر مستقل مزاجی سے عملدرآمد اور تسلسل کا ہے، پاکستان کو معاشی چیلنجز سے نکالنے اور مستقبل میں مزید مضبوط بنانے کے لیے عزم، صبر اور مسلسل محنت کی ضرورت ہے۔

پاکستان اور ترکمانستان کے درمیان مذہبی، ثقافتی اور اقتصادی روابط مزید مستحکم بنانے پر اتفاق

مذہبی اور ثقافتی روابط کو مزید وسعت دے کر دونوں برادر ممالک کے درمیان تعلقات کو نئی جہت دی جاسکتی ہے، فریقین

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سے ترکمانستان کے سفیر آتاجان مولاموف کی ملاقات کی جس میں پاکستان اور ترکمانستان کے مابین مذہبی (بقیہ 21صفحہ 3پر)

وفاقی حکومت کا سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرنیکا فیصلہ

وفاقی حکومت کی سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے ملازمین کو 90روز میں ڈیکلیریشن جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے ملازمین کو 90روز میں ڈیکلیریشن جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔حکومت نے غیر ملکی شہریت سے متعلق پرفارما بھی جاری کردیا جس میں وزارتوں اور ڈویژنز کو ماتحت افسران کے متعلق تفصیلات جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔اس کے علاوہ زیر کفالت افراد کی غیر ملکی شہریت اور زیر کفالت افراد کی سفری دستاویزات کی تفصیلات (بقیہ 15صفحہ 3پر)

ہر کانفرنس میں نئے لوگوں کی شمولیت پارٹی کی عوامی مقبولیت اور تنظیمی فعالیت کا مظہر ہے، نصر اللہ خان زیرے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط سرکی کلاں خالق آباد علاقائی کانفرنس کا بند اجلاس پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت حافظ امجد نے حاصل کی، جبکہ اسٹیج کے فرائض پارٹی کے ضلعی سینئر معاون (بقیہ 16صفحہ 3پر)

حکومت دلی کی تاریخی ریس کورس مسجد کے معاملات میں غیر ضروری مداخلت سے گریز کرے، مسلم پرسنل لابورڈ

بی جے پی حکومت کے برسر اقتدار آنے کے بعد سے قدیم اور تاریخی مساجد کو نشانہ بنایا جا رہا ہے

نئی دلی (این این آئی) آل انڈیا مسلم پرسنل لابورڈ نے دہلی تاریخی ریس کورس مسجد کو لینڈ اینڈ ڈیولپمنٹ آفس (ایل ڈی او) کی طرف سے انخلاء کا نوٹس جاری کیے جانے کو غیر قانونی اور غیر دستوری قرار دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس نوٹس کو فوری طور پر واپس لے اور مسجد کے معاملات میں غیر ضروری مداخلت سے گریز کرے۔

بیرون ملک بیٹھے یوٹیوبرز پی ٹی آئی کے سب سے بڑے دشمن ہیں، خواجہ آصف

منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بیرون ملک بیٹھے مفت خور یوٹیوبرز درحقیقت پاکستان تحریک انصاف کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ تمام یوٹیوبرز باہر محفوظ بیٹھ کر نوٹ چھاپ رہے ہیں جبکہ ان کی منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسی صورتحال پہلے کبھی نہیں دیکھی کہ جس شخص کی حمایت کے دعوے کیے جا رہے ہوں، اُسی کی آزمائشوں اور مشکلات کو بیچ کر ڈالرز کمائے جا رہے ہوں۔خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ جب پی ٹی آئی کی حکومت تھی تب توان یوٹیوبرز کی عید تھی ہی لیکن (بقیہ 43صفحہ 3پر)

بلاول بھٹو زرداری کا مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کو ان کی برسی کے موقع پر شاندار خراجِ عقیدت

بیگم نصرت بھٹو جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوام کے حقِ حکمرانی کی جدوجہد کا ایک روشن اور ناقابلِ فراموش باب ہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی /اسلام آباد /لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کو ان کی برسی کے موقع پر شاندار خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوام کے حقِ حکمرانی کی جدوجہد کا ایک روشن اور ناقابلِ فراموش باب ہیں۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری کردہ بیان کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ مادرِ جمہوریت نے آمریت کے تاریک دور میں قید و بند، ریاستی جبر اور ناقابلِ برداشت مصائب کا سامنا کیا، مگر جمہوریت اور عوامی حقوق کے لیے اپنے عزم پر بھی سمجھوتہ نہیں کیا،ان کی استقامت، قربانیاں اور جمہوری جدوجہد پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہیں گی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے ذاتی غم اور صدمات کو حوصلے اور قومی عزم میں ڈھال کر جمہوریت کی شمع روشن رکھی۔ ان کی زندگی (بقیہ 44صفحہ 3پر)

سابق ایم این اے علی وزیر کی رہائی کا خیرمقدم کرتے ہیں

ملک میں سیاسی جمہوری روایات اور آئینی و قانونی اقدامات کو فروغ دیا جائے، پشتونخوامیپ

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے پریس ریلیز میں سابق رکن قومی اسمبلی علی وزیر کی رہائی کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ بدقسمتی سے آئین، جمہوریت، پارلیمنٹ اور حقیقی وفاقیت کی بات کرنے پر قومی سیاسی جمہوری لوگوں کو قید و بند اور پابندیوں کا (بقیہ 17صفحہ 3پر)

جامعہ تربت میں طلباء کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کے لیے مینٹل ویلنس کیمپ کا انعقاد کیا گیا

تربت (این این آئی) جامعہ تربت کے ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹ افیئرز نے رواں ء سہار کے تعاون سے یونیورسٹی کیمپس میں ایک روزہ اسٹوڈنٹ مینٹل ویلنس کیمپ کا انعقاد کیا۔ اس کیمپ کا بنیادی مقصد طلباء میں ذہنی صحت سے متعلق آگاہی پیدا کرنا اور انہیں روزمرہ کے ذہنی و نفسیاتی تناؤ (بقیہ 20صفحہ 3پر)

پاکستان کا پہلا خلاباز چین سے خلائی سفر کیلئے تیار

یہ مشن پاکستان کیلئے سائنسی ترقی اور مستقبل کے نئے امکانات کی جانب ایک اہم قدم ہوسکتا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) 25نومبر 2026 کو پاکستان کا پہلا خلاباز چین کے خلائی مرکز سے خلا کے سفر پر روانہ ہوگا، اس اہم مشن کیلئے پاکستان کے دو پائلٹس، محمد (بقیہ 18صفحہ 3پر)

صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے، مرزا اعزاز بیگ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ کی زیر نگرانی صارفین کی شکایات کے ازالہ کیلئے آن لائن کچہری کا انعقاد کیا گیا۔جس میں کیسکو کے چیف انجینئر (کسٹمر سروسز) سید مطاہر حسین مشہدی، سپرنٹنڈنگ انجینئر (سینٹرل) سرکل عبدالناصر مندوخیل (بقیہ 19صفحہ 3پر)



جعفر آباد ڈپٹی کمشنر خالد خان ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس کے اختتام پر بات چیت کر رہے ہیں

کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR

روزنامہ فرزندِ کشمیر

چیف ایڈیٹر: محمد شوکت

چیف ایڈیٹر و پبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔ 0812869391

فیکس نمبر:۔ 0512204192, 0812869207,

نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ایران اور مشرقِ وسطیٰ میں امن کا قیام

مشرقِ وسطیٰ کی موجودہ صورتحال میں استحکام کی کوئی بھی کوشش اس وقت تک نتیجہ خیز نہیں ہوسکتی جب تک ایران کے کردار کو سنجیدگی سے نہ لیا جائے۔ پاک فوج کے سربراہ اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا حالیہ دورہ تہران کچھ دیگر معاملات کے علاوہ اسی حقیقت کا اعتراف ہے۔ یہ دورہ ایسے وقت میں ہوا جب خطہ جنگ، پابندیوں، بحری راستوں کے خطرات اور بیان بازی کے بوجھ تلے دبا ہے۔ تہران میں فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی پیش رفت، سفارتی عمل اور کشیدگی میں کمی سمیت مختلف عالمی مسائل پر تبادلہ خیال ہوا۔ انھوں نے ایرانی وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے بھی الگ ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں کے دوران ہونے والی بات چیت کے موضوعات بتاتے ہیں کہ پاکستان اس معاملے کو صرف دوطرفہ تعلقات کے زاویے سے نہیں دیکھ رہا۔ اس کی نظر اس پورے علاقائی منظرنامے پر ہے جس میں ایک غلط قدم بڑی تباہی کا سبب بن سکتا ہے۔

رواں برس فروری کے آخر میں امریکا اور ناجائز صہیونی ریاست کے ایران پر کیے گئے دہشت گرد حملے کے بعد سے فیلڈ مارشل عاصم منیر کا یہ تہران کا چوتھا دورہ تھا۔ اس غیر معمولی پیش رفت سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ امریکا ایران کشیدگی کے دوران پاکستان نے دنیا کے زیادہ تر ممالک کی طرح خود کو محض ایک خاموش تماشائی بنانے کی بجائے رابطہ کار کے طور پر پیش کیا ہے اور یہ کردار اسے ایک مشکل مگر اہم مقام دیتا ہے۔ سفارت کاری میں تسلسل بسا اوقات کسی ایک بڑی پیش رفت سے زیادہ اہم ہوتا ہے کیونکہ اعتماد کی عمارت چھوٹی چھوٹی ملاقاتوں اور مسلسل رابطوں پر ہی کھڑی ہوتی ہے۔

ایران کی اعلیٰ قومی سلامتی کونسل کے سیکرٹری بریگیڈیئر جنرل محسن رضائی نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ساتھ ہونے والی ملاقات میں ایران کا موقف نہایت دوٹوک انداز میں پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران میں افزودہ کیا گیا تمام جوہری مواد ملک ہی میں رہے گا اور اس کا ایک ذرہ بھی باہر نہیں جائے گا۔ انھوں نے اسے ایرانی عوام کا بڑا سرمایہ اور قومی دولت قرار دیا جو ملک کے اندر ہی استعمال ہوگی۔ یہ بیان واضح کرتا ہے کہ جوہری معاملہ اب تہران کے لیے محض تکنیکی یا قانونی مسئلہ نہیں رہا بلکہ قومی وقار اور خود مختاری کا سوال بن چکا ہے۔ بریگیڈیئر جنرل محسن رضائی نے یہ بھی کہا کہ ایرانی عوام اور حکام متفقہ طور پر اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ جب تک امریکا کی جانب سے اعتماد سازی نہیں کی جاتی، کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے۔

دوسری طرف، صدر پزشکیان کا لہجہ نسبتاً نرم رہا۔ انھوں نے کہا کہ ایران کے علاقائی ممالک کے ساتھ کوئی بنیادی اختلاف نہیں اور موجودہ مسائل مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کے لیے ایران تیار ہے۔ رپورٹوں کے مطابق وہ اس دورے سے کچھ دن پہلے بھی کہہ چکے تھے کہ جنگ ایسے وقت ختم ہونی چاہیے جب ایران کو برتری حاصل ہو۔ سخت گیر سلامتی بیانیے اور سیاسی قیادت کی اس نسبتاً لچکدار آواز کے درمیان فرق نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ممکن ہے یہ تقسیم محض حکمتِ عملی ہو جس کے ذریعے ایران معاملات کو مختلف سطحات پر آگے بڑھانا چاہ رہا ہو۔

اسی دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیانات نے صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا۔ ریاست کنساس میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ امریکا ایران کے خلاف جنگ سے جلد نکل سکتا ہے مگر ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیے جائیں گے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ایران کے معاملے پر امریکا کو یورپی ممالک کی مدد درکار تھی لیکن یورپ ساتھ نہیں کھڑا ہوا۔ انھوں نے خبردار کیا کہ اگر یورپ نے اپنا رویہ نہ بدلا تو امریکا کو یورپ سے نکلنا پڑ سکتا ہے۔ ٹرمپ نے مدد مانگنے کو ایک امتحان قرار دیا اور کہا کہ یورپی ممالک کا ساتھ نہ دینا وہ کبھی نہیں بھول سکتے۔ ان کے بقول امریکا کو درحقیقت مدد کی ضرورت نہیں تھی۔ اسی طرح، ایک نیوز چینل کو انٹرویو میں صدر ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ امریکا ایران سے جنگ کل ہی جیت سکتا ہے اور چاہے تو آج ہی اس سے نکل بھی سکتا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ دنیا امریکی اقدامات پر بے حد شکرگزار ہے اور بہت جلد تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی دیکھنے میں آئے گی۔

اس پورے منظرنامے میں پاکستان کی پوزیشن نازک بھی ہے اور نمایاں بھی۔ ایران اس کا ہمسایہ ہے، دونوں ممالک طویل سرحد، تاریخی روابط اور مشترکہ سماجی و ثقافتی رشتوں میں بندھے ہیں۔ دوسری طرف، امریکا کے ساتھ پاکستان کے تعلقات کی اپنی تاریخ اور حرکیات ہیں۔ دونوں کے ساتھ رابطہ رکھنے کی صلاحیت پاکستان کو ایک پل بناتی ہے مگر اس حیثیت میں خطرات بھی ہیں۔ ثالث پر دونوں طرف سے توقعات بھی ہوتی ہیں اور شبہات بھی۔ پاکستان کے لیے اس سفارت کاری کے داخلی پہلو بھی ہیں۔ خطے میں جنگ کا پھیلاؤ پاکستان کی سرحدوں، معیشت اور توانائی کی قیمتوں پر براہِ راست اثر ڈالتا ہے۔ تیل مہنگا ہو تو مہنگائی بڑھتی ہے، تجارتی راستے متاثر ہوں تو برآمدات پر دباو? آتا ہے اور سرحدی علاقوں میں بے چینی بڑھے تو سلامتی کے چیلنجز دو چند ہو جاتے ہیں۔ اس لیے امن کی کوشش پاکستان کے لیے اخلاقی فریضہ ہی نہیں بلکہ قومی مفاد کا تقاضا بھی ہے۔

جہاں تک کشیدگی کے فریقین کا تعلق ہے تو ایران اعتماد سازی کو امریکی اقدامات سے مشروط کر رہا ہے جبکہ امریکا جوہری معاملے پر کسی نرمی کا اشارہ دینے سے گریزاں ہے۔ یورپ کے بارے میں ٹرمپ کی ناراضی مغربی اتحاد میں دراڑ کی نشاندہی کرتی ہے اور یہ دراڑ کسی متفقہ مغربی حکمتِ عملی کو مشکل بنا دیتی ہے۔ ادھر، بحری راستوں میں بارودی سرنگوں کا خطرہ کسی بھی لمحے ایک چھوٹے حادثے کو بڑے بحران میں بدل سکتا ہے۔ ایسے ماحول میں ثالث کے پاس وقت کم اور گنجائش محدود ہوتی ہے۔ اس کے باوجود مایوس اس لیے نہیں ہونا چاہیے کیونکہ تاریخ گواہ ہے کہ بڑے تنازعات کا حل اکثر اس وقت نکلتا ہے جب فریقین کو یہ احساس ہو جائے کہ تنازع جاری رکھنے کی قیمت ختم کرنے کی قیمت سے زیادہ ہے۔ صدر پزشکیان کا مذاکرات پر آمادگی ظاہر کرنا اور ٹرمپ کا جنگ سے نکلنے کی بات کرنا اسی امکان کی طرف اشارہ ہے کہ دونوں جانب تھکن اور حقیقت پسندی کا عنصر موجود ہے۔ ثالث کا کام یہی ہے کہ ایسے امکانات کو ٹھوس تجاویز کی شکل میں ڈھالے اور مرحلہ وار اقدامات کے ذریعے اعتماد کی وہ فضا بنائے جس کا تقاضا فریقین کر رہے ہیں۔

فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ایران کسی معجزے کی بنیاد تو نہیں بن سکتا لیکن یہ اس راستے کا ایک ضروری قدم ہے جس پر چل کر ہی مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی کم کی جا سکتی ہے۔ پاکستان کے لیے اصل امتحان یہ ہے کہ وہ غیر جانبداری، سنجیدگی اور مستقل مزاجی کے ساتھ یہ کردار نبھاتا رہے اور راستے میں آنے والی مشکلات کے باوجود امن کے قیام کے لیے کوششیں جاری رکھے۔ بالعموم پوری دنیا اور بالخصوص اس خطے کے عوام جنگ کی قیمت بہت ادا کر چکے ہیں، اگر پاکستان کی ثالثی سے امن کا راستہ ہموار ہو جائے تو یہ ساری دنیا پر ہمارا احسان ہوگا۔

کے پی اسمبلی کی بحالی کا دانہ اور مائنس عمران خان

نصرت جاوید

چند ذاتی مسائل کی وجہ سے یہ کالم کسی دن لکھنے کی مہلت نہیں ملتی۔ مل بھی جائے تو خود کو دہرانے سے گھن آتی ہے۔ قارئین کا وقت ضائع کرنے سے گریز کو ترجیح دیتا ہوں۔ سرکار کے دیے ڈیکلریشن کے تحت چھاپے اخبار کی واضح محدودات ہیں۔ اپنے ادارے کی بقا یقینی بنانا صحافی کی ذمہ داری ہے۔ خود کو ہیرو ثابت کرنے کی ہوس میں اسے سینکڑوں کارکنوں کے رزق کو خطرے میں ڈالنا نہیں چاہیے۔ کالم نگار کا لکھا تصویر سمیت چھپتا ہے۔ اسے کمپوز کر کے چھاپنے کے لئے تیار کرنے والے مگر مرتے دم تک گمنام رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ چھاپے خانے کے مزدور ہیں اور سب سے بڑھ کر اخبار فروش جو چھپے ہوئے اخبار کو آپ کے گھروں تک پہنچاتے ہیں۔

ریگولر صحافت کا حصہ ہوتے ہوئے اپنی محدودات کا ادراک واعتراف لازمی ہے۔ محدودات کو نگاہ میں رکھتے ہوئے بھی لیکن چند اہم واقعات کو تاریخی تناظر میں بیان کرنے کی کوشش کرتا ہوں تاکہ آج اٹھے چند کلیدی سوالات کے جواب تلاش کیے جاسکیں۔ دیرینہ قارئین کی اکثریت اس رویے کو سراہتے ہوئے حوصلہ بڑھاتی ہے۔ ارادہ آج بھی ایک سوال کو تاریخی تناظر میں اجاگر کرنا ہے۔

اس سے قبل مگر یاد دلانا ہوگا کہ خیبر پختونخوا کے معطل یا مفلوج ہوئے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی جانب سے اپنے قائد کی رہائی کے لئے اسلام آباد پر لانگ مارچ کا اعلان ہوا تو حسب عادت ملکی تاریخ میں ہوئے مختلف لانگ مارچوں کی تاریخ اس کالم میں بیان کی تھی۔ اس کے ذریعے نتیجہ یہ اخذ کیا کہ ماضی میں ہوئے تمام لانگ مارچ محلاتی سازشوں کی انتہا پر نمودار ہوئے تھے اور منزل مقصود پر پہنچنے سے قبل ہی انہوں نے اپنے اہداف حاصل کر لئے۔

''کامیاب'' لانگ مارچوں کا ذکر کرتے ہوئے محض دو کو یاد رکھنا کافی ہوگا۔ پہلے لانگ مارچ کا اعلان محترمہ بے نظیر بھٹو کی جانب سے ہوا تھا۔ غلام اسحاق خان ان دنوں صدرِ پاکستان تھے۔ آئین کی آٹھویں ترمیم کے تحت انہیں قومی اسمبلی برطرف کرنے کا اختیار میسر تھا۔ اپریل 1993 میں مذکورہ اختیار کو بروئے کار لاتے ہوئے موصوف نے نواز شریف کی پہلی حکومت کو برطرف کردیا۔ وہ برطرف ہوئی تو نسیم حسن شاہ کا سپریم کورٹ متحرک ہوگیا۔ روزانہ کی بنیاد پر سماعت کرتے ہوئے صدر کی جانب سے وزیر اعظم اور قومی اسمبلی کی برطرفی کو غیر آئینی قرار دیتے ہوئے بحال کردیا گیا۔

قومی اسمبلی بحال ہوجانے کے بعد بھی لیکن نواز شریف آبادی کے اعتبار سے ہمارے سب سے بڑے صوبے اور اپنے ''سیاسی قلعہ'' یعنی پنجاب کی حکومت حاصل نہ کر پائے۔ وہاں کے وزیر اعلیٰ منظور وٹو ''باغی'' ہوگئے تھے۔ ان کا غلام اسحاق خان کی جانب سے گورنر پنجاب نامزد ہوئے چوہدری الطاف حسین نے ڈٹ کر ساتھ دیا۔ نواز شریف نے وزیر اعظم کے منصب پر بحالی کے بعد پارلیمان کی مدد سے میاں اظہر مرحوم کو پنجاب کا کنٹرول سنبھالنے کے اختیارات فراہم کردیے۔ قانونی اعتبار سے درست انداز میں اٹھایا یہ قدم بھی لیکن چوہدری الطاف کی کائیاں مزاحمت کے نتیجے میں وفاقی حکومت کی مشکلات دور نہ کرپایا۔ دریں اثنا محترمہ بے نظیر بھٹو نے الطاف حسین اور منظور وٹو کی معاونت کے سہارے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کا اعلان کردیا۔

مذکورہ لانگ مارچ لاہور سے اسلام آباد تک نواز شریف کے حامیوں اور مخالفین کے مابین خانہ جنگی کی فضا تیار کرتا دکھائی دیا تو ان دنوں کے آرمی چیف عبدالوحید کاکڑ مداخلت کو مجبور ہوئے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو کو انہوں نے مذاکرات کے لئے مدعو کیا اور بالآخر'' کاکڑ فارمولہ'' تیار ہوا۔ اس کے نتیجے میں صدر اسحاق اور وزیر اعظم نواز شریف اپنے عہدوں سے مستعفی ہوگئے۔ ان کے استعفوں نے نئے انتخاب کی راہ بنائی اور محترمہ بے نظیر بھٹو وزیر اعظم کے منصب پر لوٹ آئیں۔ نواز شریف نے چند ہی ماہ بعد مگران کی حکومت کے خلاف کراچی سے اسلام آباد تک ''ٹرین مارچ'' کا اعلان کردیا۔ میں نواز شریف کے ساتھ اس مارچ میں موجود تھا۔ ریل کی پٹریوں کی دونوں جانب رحیم یار خان سے لاہور تک نواز شریف کا ''ہم تمہارے ساتھ ہیں'' کے نعروں کے ساتھ خیر مقدم کرنے والے افراد کی تعداد متاثر کن تھی۔ یہ مارچ مگر اپنا ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہا۔

مذکورہ مارچ کے مقابلے میں نواز شریف ہی جب افتخار چوہدری کی سپریم کورٹ کے منصب پر بحالی کے لئے لاہور سے اسلام آباد کی جانب روانہ ہوئے تو ان کے گوجرانوالہ پہنچتے ہی ان دنوں کے سپہ سالار جنرل کیانی نے انہیں فون پر اطلاع دی کہ چوہدری کو بحال کردیا جائے گا۔ ان کے فون کے چند گھنٹوں بعد وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی نے رات گئے قوم سے براہِ راست خطاب کیا اور افتخار چوہدری کی بحالی کا یقین دلایا۔ دوسری صبح نواز شریف گوجرانوالہ سے لاہور واپس لوٹ گئے۔

سہیل آفریدی اگر لانگ مارچ کو بضد رہتے تو خیبر پختونخوا کے تیسرے وزیر اعلیٰ ہوتے جو ''اٹک کے اس پار سے'' اسلام آباد پر ''یلغار'' کا تاثر دیتے نظر آتے۔ اس حوالے سے پہلی ''یلغار'' کے مناظر نواز شریف کے تیسرے دورِ اقتدار میں پرویز خٹک نے فراہم کئے تھے۔ بعدازاں 2024 کے انتخابات کے بعد دوبار اسلام آباد کو علی امین گنڈاپور کے ذریعے ''تھلے'' لگانے کی کوشش ہوئی۔ ان میں سے ایک بھی مرکزی حکومت کو جھکانے میں لیکن کامیاب نہ ہوا۔ ان کے انجام کو ذہن میں رکھتے ہوئے بارہا اس کالم میں سہیل آفریدی کو متنبہ کرتا رہا کہ ان کی اسلام آباد آنے کی کاوش بھی کار بے سود ثابت ہوگی۔ کیونکہ میری کوتاہ بینی شہباز حکومت کے خلاف ''محلاتی سازش'' دریافت کرنے میں ناکام ہورہی ہے۔

میرے صحافی دوستوں کی اکثریت ان دنوں سہیل آفریدی کو تحریک انصاف کی تمام مشکلات کا واحد ذمہ دار ٹھہرا رہی ہے۔ ملکی سیاست کا دیرینہ طالب علم ہوتے ہوئے سہیل آفریدی کی سیاست کے بارے میں ہزاروں تحفظات کے باوجود یہ لکھنے کو مجبور ہوں کہ جواں سال اور نسبتاً غیر تجربہ کار ہوتے ہوئے بھی آفریدی نے جبلی طور پر دریافت کرلیا کہ موصوف کی جماعت کے اکثر رہنما محض ''گفتار کے غازی'' ہیں۔ وہ انہیں ''افرادی قوت'' فراہم کر نہیں سکتے اور خاطر خواہ اور پرجوش ہجوم کے بغیر اٹک سے پنجاب میں داخلہ سیاسی خودکشی ثابت ہوگی۔ اسلام آباد آمد کو لہٰذا اپنے صوبے کے مختلف شہروں میں جاکر وہ ''سٹریٹ موومنٹ'' کے نام پر ٹالتے رہے اور بالآخر گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کی بدولت اپنی حکومت گنوادی۔

ان کی معطلی کے باوجود خیبر پختونخوا کی 2024 کے انتخاب میں منتخب ہوئی صوبائی اسمبلی اب بھی غیر فعال ہونے کے باوجود برقرار ہے۔ اسے 90 دنوں بعد فعال بنایا جا سکتا ہے۔ قانونی بنیاد پر بحال کی اس امید کو وفاقی حکومت ہوشیاری سے زندہ رکھے ہوئے ہے۔ بانی تحریک انصاف سے وفاداری کے نام پر منتخب ہونے والوں کو دلاسہ دیا جارہا ہے اگر وہ سہیل آفریدی کی جگہ کسی ''سنجیدہ، معاملہ فہم اور دہشت گردی کے خاتمے کے لئے'' وفاقی حکومت کے ساتھ معاملات سلجھانے والے وزیر اعلیٰ کا انتخاب کرلیں تو 90 دنوں بعد خیبر پختونخوا اسمبلی بحال ہوسکتی ہے۔ اپنی بحالی کے بعد وہ مارچ 2027 میں سینٹ کی خالی ہوئی نشستوں کے لئے نئے امیدوار بھی چن سکتی ہے اور ہم سب جانتے ہیں کہ سینٹ کی خالی نشستوں کو پر کرنے کا اراکین صوبائی اسمبلی کس بے تابی سے انتظار کرتے ہیں۔

خیبر پختونخوا اسمبلی کو بحال کرنے کے حوالے سے وفاقی حکومت ہوشیاری سے امید کی لو جلاتے ہوئے تحریک انصاف کو ''مائنس عمران خان'' کی جانب دھکیل رہی ہے۔ دیکھنا ہوگا کہ یہ ''دانہ چگنے'' کو کتنے اراکینِ صوبائی اسمبلی تیار ہوں گے۔ ملکی سیاست کے اہم واقعات یاد رکھنے کی علت اگرچہ مجھے اس قومی اسمبلی کی ''معطلی'' یاد رکھنے کو مجبور کررہی ہے جو 12 اکتوبر 1999 کی رات تک قائم تھی۔ ہیوی مینڈیٹ کے ساتھ نواز شریف اس کے قائدِ ایوان اور دوسری بار منتخب وزیر اعظم ہوا کرتے تھے۔ 12 اکتوبر کو معطلی کے بعد مگر یہ اسمبلی بحال نہیں ہو پائی تھی۔

معیشت سنبھل رہی ہے، عام آدمی کب سنبھلے گا؟

محمد اکرم چوہدری

ملک کی معیشت بہتر ہو رہی ہے، خزانہ سنبھل رہا ہے، حالات بدل رہے ہیں یہ سب اچھی خبریں ہیں مگر ایک سوال آج بھی ہر گھر میں موجود ہے اگر معیشت بہتر ہو رہی ہے تو عام آدمی کی زندگی مشکل کیوں ہے؟ یہ سوال مخالفت نہیں، عوام کی آواز ہے۔ حکومت کو خزانے کی فکر ہے، عوام کو گھر چلانے کی، حکومت آمدنی اور اخراجات کا حساب کرتی ہے، عوام بجلی کے بل، بچوں کی فیس اور راشن کا حساب کرتے ہیں فرق صرف اتنا ہے کہ حکومت کے پاس وسائل ہوتے ہیں، عام آدمی کے پاس محدود تنخواہ اور بے شمار ضرورتیں۔ مزدور صبح نکلتا ہے تو شام کی روٹی کی فکر ساتھ ہوتی ہے دکاندار دکان کھولتا ہے تو گاہک سے پہلے اخراجات سامنے آجاتے ہیں کسان فصل اگاتا ہے مگر اپنی محنت کی مناسب قیمت کے لیے پریشان رہتا ہے نوجوان ڈگری لے کر نکلتا ہے تو ملازمت کے دروازے بند پاتا ہے۔ یہی پاکستان کی اصل معاشی تصویر ہے۔

ملک کے خزانے کا مضبوط ہونا ضروری ہے، مگر عوام کی جیب خالی رہے تو خوشحالی کا دعویٰ ادھورا ہے گزشتہ دنوں ہم نے تین لفظوں کی بات کی تھی۔ امن، عدل، روزگار۔ یہ محض نعرہ نہیں، عوام کی تین بنیادی ضرورتیں ہیں امن ہوگا تو کاروبار چلے گا۔ عدل ہوگا تو حق دار کو حق ملے گا۔ روزگار ہوگا تو گھر کا چولہا جلے گا معیشت کو بھی انہی تین لفظوں کے گرد گھومنا چاہیے۔

عام آدمی کو معاشی اصطلاحات سے زیادہ دلچسپی نہیں اسے یہ جاننا ہے کہ آٹا، دال، دودھ اور بجلی اس کی پہنچ میں کب آئیں گے؟ اس کے بچے کو اچھی تعلیم کب ملے گی؟ بیمار ہونے پر علاج کے لیے قرض کب نہیں لینا پڑے گا؟ یہ وہ سوال ہیں جن کا جواب صرف تقریروں میں نہیں، عملی فیصلوں میں ملنا چاہیے۔

ٹیکس لینا حکومت کا حق اور ضرورت ہے، مگر ٹیکس کا بوجھ منصفانہ ہونا چاہیے جس کی آمدنی زیادہ ہے وہ زیادہ حصہ ڈالے، جس کی آمدنی کم ہے اسے سہولت ملے سرکاری اخراجات میں بھی سادگی نظر آئے عوام قربانی دیں تو حکومتی نظام بھی بچت کی مثال قائم کرے روزگار کے معاملے میں اب وعدوں سے آگے بڑھنا ہوگا ہر ضلع میں نوجوانوں کو ہنر سکھانے اور کام دلانے کا انتظام ہو، چھوٹے کاروبار شروع کرنے والوں کے لیے آسانیاں پیدا کی جائیں کسان کو مناسب قیمت، صنعت کو سہولت اور محنت کش کو اس کی محنت کا پورا معاوضہ ملے۔

صرف یہ بتانا کافی نہیں کہ کتنی رقم خرچ ہوئی۔ اصل سوال یہ ہے کہ کتنے بے روزگاروں کو کام ملا؟ کتنے گھروں کی آمدنی بڑھی؟ کتنے خاندانوں کی مشکلات کم ہوئیں؟ ترقی کا حساب خرچ ہونے والے پیسوں سے نہیں، بدلنے والی زندگیوں سے ہونا چاہیے ایک اور بات بھی سمجھنے کی ہے عوام کو صرف زیادہ آمدنی نہیں، کم اخراجات بھی چاہییں سرکاری سکول بہتر ہوں، ہسپتالوں میں علاج ملے، سستی ٹرانسپورٹ دستیاب ہو تو محدود آمدنی والا خاندان بھی کچھ سکون پا سکتا ہے۔

اس لیے معاشی بہتری کا راستہ صرف اسلام آباد سے نہیں نکلتا صوبوں، ضلعوں اور مقامی حکومتوں کو بھی اپنی ذمہ داری نبھانا ہوگی سیاست اپنی جگہ، عوام کی ضرورتیں اپنی جگہ۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان اختلاف رہ سکتا ہے، مگر کیا روزگار، مہنگائی، تعلیم اور علاج پر بھی اختلاف ضروری ہے؟ کیوں نہ تمام سیاسی جماعتیں چند بنیادی معاشی اہداف پر اتفاق کرلیں؟ جو منصوبہ عوام کے فائدے کا ہو اسے حکومت بدلنے پر بند نہ کیا جائے ہر چھ ماہ بعد عوام کو بتایا جائے کہ کتنے روزگار پیدا ہوئے، کتنے سکول بہتر ہوئے اور کتنے خاندانوں کو حقیقی سہولت ملی۔ عوام کو اعلانات نہیں، نتائج چاہییں۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ ملکی معیشت کے مسائل راتوں رات حل نہیں ہوں گے قرضے ہیں، وسائل محدود ہیں، مشکلات بھی بہت ہیں مگر مشکل وقت میں درست ترجیحات اختیار کرنا ہی اصل حکمرانی ہے پاکستان کے عوام محنت سے نہیں گھبراتے وہ کھیتوں میں پسینہ بہاتے ہیں، کارخانوں میں کام کرتے ہیں، دکانیں چلاتے ہیں اور اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کے خواب دیکھتے ہیں وہ کسی سے احسان نہیں مانگتے۔ صرف اپنی محنت کا پھل اور باعزت زندگی چاہتے ہیں۔

حکومت کا کام خزانہ سنبھالنا ہے، مگر اس سے بھی بڑی ذمہ داری عوام کی زندگی آسان بنانا ہے ملک صرف اس وقت خوشحال نہیں ہوتا جب سرکاری خزانہ بھر جائے ملک تب خوشحال ہوتا ہے جب عوام کے گھروں میں بھی آسودگی آئے اب ضرورت نئے نعروں کی نہیں، پرانے وعدے پورے کرنے کی ہے امن دیجیے تاکہ لوگ بے خوف زندگی گزار یں عدل دیجیے تاکہ کسی کا حق نہ مارا جائے روزگار دیجیے تاکہ نوجوان اپنے پاؤں پر کھڑے ہوں۔

اور سب سے بڑھ کر عام آدمی کو یہ احساس دیجیے کہ اس کی مشکلات بھی ملکی ترجیحات میں شامل ہیں کیونکہ عوام کا سوال آج بھی بہت سادہ ہے: خزانہ سنبھل گیا، اب ہمارا گھر کب سنبھلے گا؟

انفی نیٹی

عبداللہ طارق سہیل

یوٹیوب پر ایک وڈیو نظر سے گزری۔ ایک بھارتی نوجوان کسی سادھو سے انٹرویو لینے اسکی کٹیا میں گیا اور وہاں یہ وڈیو بنائی۔ کس علاقے کی ہے، اس نے نہیں بتایا لیکن بولی ٹھولی سے گمان ہوتا ہے کہ مغربی یوپی کی ہوگی۔ کٹیا میں ایک نہیں، دو سادھو تھے اور دونوں شستہ ہندی میں بات کر رہے تھے۔

کٹیا جنگل کے بیچوں بیچ واقع ایک بڑے شمشان گھاٹ کے درمیان تھی۔ نوجوان جس سڑک سے گزرا وہ بالکل نئی اور بہت زیادہ خوبصورت تھی لیکن اس پر کوئی عام ٹریفک نہیں تھا اس لئے کہ یہ سڑک کسی شہر یا گاو?ں میں نہیں جاتی۔ اس کی منزل ایک بڑا شمشان گھاٹ ہے چنانچہ اس پر صرف ارتھیوں والے ہی آتے ہیں۔ چاروں طرف گھنا جنگل، اور گھنے جنگل کے بیچوں بیچ ڈراو?نا شمشان گھاٹ اور گھاٹ کے بیچوں بیچ ایک کمرہ، اس سادھو کی رہائش گاہ، جینے کیلئے کیا ''مست ماحول'' اس سادھو نے چنا۔ آس پاس نہ بندہ نہ بندے کی ذات۔

نوجوان پریت بشاچ کے بارے میں انٹرویو کرنے گیا تھا۔ وہاں سادھو کا دوست، ایک دوسرا سادھو بھی کہیں اور سے آیا ہوا تھا۔ یعنی انٹرویو کیلئے دو دو سادھو ہوگئے۔ کٹیا میں رہنے والا سادھو ننگ دھڑنگ تھا بس لنگوٹی اڑس رکھی تھی، مہمان سادھو نے گیروے رنگ کے پورے کپڑے پہنے ہوئے تھے۔

بھارت میں یہ عقیدہ عام ہے کہ کوئی آدھی قتل ہو جائے یا حادثے میں مارا جائے یا آتما ہتیا کر لے تو اس کی آتما پریت بن جاتی ہے۔ نوجوان نے سوال کیا تو ننگ دھڑنگ سادھو نے اس کا انکار کر دیا اور کہا کہ کوئی آتما پریت نہیں بنتی۔ ملبوس سادھو نے اس کے الٹ عقیدہ بیان کیا۔ ننگ دھڑنگ کا اصرار تھا کہ بھگوان ہر منشیہ کے پیدا ہوتے ہی اس کا بھاگیہ لکھتا ہے اور یہ بھی کہ یہ کس سال، سال کے کس دن، دن کے کتنے بجے مرے گا اور مرتیو کا کارن کیا ہوگا، یہ بھی لکھتا ہے۔ ملبوس سادھو نے یہ عقیدہ مسترد کیا اور کہا کہ بھگوان کچھ نہیں لکھتا۔ وہ اس عقیدے کا تھا کہ دنیا عالم اسباب ہے۔ ایک آدمی نے طبی اور طبعی طور پر اگر سو سال عمر پانے کے بعد مرنا ہے لیکن راہ چلتے اسے کالا سانپ کاٹ لے تو وہ مر جائے گا چاہے اس کی عمر اس وقت 20 سال ہی کیوں نہ ہو۔

یہاں نوٹ کرنے والی بات یہ تھی کہ دونوں سادھو دوست تھے لیکن ایک دوسرے کے بالکل مخالف عقیدہ رکھتے تھے اور دونوں میں کوئی مخاصمت نظر نہیں آئی۔ ایک دوسرے کا عقیدہ مسترد کرتے وقت ان کا لہجہ کچھ یوں ہوتا تھا جیسے ایک شاعر نے شعر سنایا، دوسرے نے سن لیا، پھر دوسرے نے شعر سنایا، پہلے نے سن لیا۔ ہمارے ہاں ٹی وی پروگراموں میں علمائے کرام کی بحثیں ایسے نہیں ہوتیں، ان کا ماحول بہت گرم ہوتا ہے۔ ٹی وی میزبان مداخلت اور بیچ بچاؤ نہ کرائے تو سر پھٹول ہو جائے۔

سادھو دنیا تیاگ دیتے ہیں اس لئے مار دھاڑ والے خیالات بھی ان سے دور رہتے ہیں غصے، بدلے کی بھاونا بھی من سے مٹ جاتی ہے۔ لیکن یہ عمومی سادھو ہیں، سادھوؤں کی ایک قسم بڑی خوفناک بالکل شیطانی ہوا کرتی ہے۔ یہ اگھوری سادھو کہلاتے ہیں، بالکل ننگے رہتے ہیں۔ برھمنوں کی طرح سادھو بھی ماس مچھی نہیں کھاتے لیکن یہ اگھوری کچا گوشت کھاتے ہیں، مرغا، خرگوش ہاتھ آجائے تو اسے زندہ ہی کھانا شروع کر دیتے ہیں۔ شمشان گھاٹ میں چتا جل رہی ہو اور کوئی اگھوری پاس سے گزر رہا ہو تو چتا کی خیر نہیں، مردے کی ٹانگ یا بازو صاف کھینچ کر بدن سے الگ کر لے گا اور اسے کھا جائے گا۔ اکیلے دوکیلے راھگیر کو اگھوری گھیر لیں تو اسے مار کر کھا جاتے ہیں۔ پولیس کو ان کا پتہ ہوتا ہے، وہ ان سے آنکھیں بند کر لیتی ہے، یہ اگھوری ہمالے کی ساری لمبائی والی پٹی میں رہتے اور ایک سے دوسرے سرے تک گھوما کرتے ہیں۔ یہ پٹی کوئی چھوٹی موٹی نہیں ہے۔ آسام سے کشمیر تک اڑھائی ہزار کلومیٹر تک پھیلی ہوئی ہے۔ یہ کالا جادو جانتے ہیں، کسی سے جھگڑا یا بحث ہو جائے تو معاف نہیں کرتے، اس پر منتر پھونک ڈالتے ہیں۔

مذکورہ دونوں سادھوؤں میں جیون ' مرتیو، بھاگیہ ' سو بھاگیہ، در بھاگیہ اور پاپ اور پن پر خوب بحث ہوئی تو مجھے بھرتری ہری کی ایک بہت ہی انوکھی بات یاد آگئی جو میرے خیال میں دنیا کے کسی اور مذہب یا دھرم میں نہیں ہے اور ہندو دھرم بھی اس بارے میں ایک ہی خیال نہیں رکھتا بلکہ بٹا ہوا ہے۔

بھرتری ھری ڈیڑھ ہزار سال پہلے کا ایک بہت بڑا فلسفی اور شاعر گزرا ہے۔ اس نے بہت سے اشلوک لکھے اور فلسفیانہ نکتے، وعظ و نصیحت کی باتیں عوام کی زبان میں عوام تک پہنچائیں۔ اس کے اشلوکوں کے مجموعوں کا نام ''شاتک'' ہے اور اس کے کئی شاتک ھیں۔ ایک اشلوک میں اس نے لکھا، سورگ میں جانے کا کیا فائدہ، جب پنیہ (ثواب) سماپت ہو جائیں گے تو سورگ سے نکال دیا جائے گا۔

گویا جنت ایک فائیو سٹار ہوٹل ہے جس کا پیشگی کرایہ ڈیپازٹ کرانا ہوتا ہے۔ ڈیپازٹ ختم ہوتے ہی ہوٹل چھوڑنا پڑے گا۔ یہ بات بہت انوکھی ہے۔ ہندو مذہب کا عمومی عقیدہ، دوسرے مذاہب کی طرح یہی ہے کہ سورگ نرک کو ہمیشگی ہے۔

ویسے، ہمیشگی یا دوام یا ابدیت کے معنے کیا ہیں -؟ ڈکشنری تو بالکل ہی نہیں سمجھا سکتی۔ ڈکشنری کو ایک طرف رکھیئے، سائنس بھی کچھ بتا نہیں سکتی۔ سائنس دان اس بارے میں ''انفی نیٹی'' کا لفظ بول کر چپ سادھ لیتے ہیں۔ ھمیشگی کیا ھے 'یہ وھی بتا سکتا ھے جو ھمیشہ سے ھے!!!

اسلام آباد کیلئے وزیر اعظم کا دانش سکول کا تحفہ

اسد اللہ غالب

کسی بھی ترقی پذیر معاشرے کی حقیقی ترقی کا دارومدار اس کے تعلیمی نظام اور نئی نسل کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر ہوتا ہے۔ ایک ایسا ملک جہاں وسائل کی تقسیم میں عدم مساوات ہو، وہاں غریب اور مستحق بچوں کے لیے اعلیٰ معیار کی تعلیم کا حصول ایک خواب بن کر رہ جاتا ہے۔ اس پس منظر میں، 18 اکتوبر کو وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے 30 ایکڑ کے وسیع رقبے پر محیط جدید ترین دانش سکول کا باقاعدہ افتتاح ایک ایسا انقلابی اور تاریخی اقدام ہے جو پاکستان کے تعلیمی منظر نامے کو بدلنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ منصوبہ صرف ایک عمارت یا تعلیمی ادارے کا قیام نہیں ہے، بلکہ یہ اس پختہ عزم اور روشن تعلیمی مشن کا عملی مظہر ہے جس کا مقصد ملک کے پسماندہ اور محروم طبقات سے تعلق رکھنے والے ہونہار بچوں کو اشرافیہ کے بچوں کے مساوی مواقع فراہم کرنا ہے تاکہ غربت کسی بھی بچے کے خوابوں کی راہ میں رکاوٹ نہ بن سکے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کا یہ وژن کہ ملکی معیشت کی بحالی اور قومی یکجہتی کا فروغ صرف اور صرف تعلیم کے ذریعے ہی ممکن ہے، اس وقت حقیقت کا روپ دھارتا نظر آرہا ہے جب وفاق نے ملک بھر میں ایسے 27 نئے سکولز کی تعمیر کا آغاز کر دیا ہے تاکہ ہر مستحق بچے تک بین الاقوامی معیار کی مفت تعلیم پہنچائی جا سکے۔

اس عظیم الشان منصوبے کا سب سے خوبصورت اور روشن پہلو اس کا وہ تعلیمی مشن ہے جو امیر اور غریب کے درمیان حائل طبقاتی خلیج کو مٹانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اسلام آباد میں قائم ہونے والا یہ نیا دانش سکول جدید ترین کلاس رومز، سائنس لیبارٹریز، آئی ٹی اینڈ روبوٹکس لیبز اور آرٹ رومز سے لیس ہے، جو اس بات کی ضمانت ہے کہ یہاں زیرِ تعلیم بچوں کو دنیا کے مہنگے ترین نجی اداروں سے بھی بہتر اور جدید خطوط پر استوار تعلیمی ماحول میسر آئے گا۔ وزیر اعظم نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مشکل ترین معاشی حالات اور چیلنجز کے باوجود غریب، یتیم اور بے سہارا خاندانوں کے بچوں کو اعلیٰ معیار کی مفت رہائش، خوراک اور تعلیم فراہم کرنا ان کی حکومت کی اولین ترین ترجیحات میں شامل ہے۔ یہ اقدام دراصل ریاست کی جانب سے اپنی اس ماں جیسی ذمہ داری کو پورا کرنے کی شاندار کوشش ہے جہاں وہ اپنے سب سے کمزور شہریوں کو تحفظ اور ترقی کے مساوی حقوق فراہم کرتی ہے۔ جب ایک ریاست اپنے غریب ترین بچوں کو ڈاکٹر، انجینئر، سائنسدان اور ملک کا مایہ ناز شہری بنانے کی ذمہ داری خود اپنے کندھوں پر اٹھا لیتی ہے، تو معاشرے میں مایوسی کا خاتمہ ہوتا ہے اور امید کی ایک نئی کرن بیدار ہوتی ہے جو پورے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر دیتی ہے۔

افتتاحی تقریب کے دوران جب دانش سکول کے سابقہ طلبہ نے اپنی کامیابیوں کی داستانیں سنائیں، تو ہال میں موجود ہر آنکھ اشکبار ہوگئی اور خود وزیر اعظم بھی جذباتی ہو گئے۔ ان داستانوں میں بلوچستان، خیبر پختونخوا اور جنوبی پنجاب کے ان دور دراز علاقوں کے بچوں کی کہانیاں شامل تھیں جنہوں نے انتہائی نامساعد حالات، یتیمی اور شدید کسمپرسی کے باوجود دانش سکول نیٹ ورک کی بدولت نہ صرف اعلیٰ تعلیم حاصل کی بلکہ آج وہ معاشرے کے معزز عہدوں پر فائز ہو کر اپنے خاندانوں کو غربت کے اندھیروں سے نکال چکے ہیں۔ وزیر اعظم نے ان بچوں اور بچیوں سے انتہائی شفقت اور محبت سے گفتگو کرتے ہوئے ان کے بلند حوصلے اور پڑھنے کے جذبے کو زبردست الفاظ میں سراہا۔ ان کا کہنا تھا کہ مالی وسائل کی کمی یا والدین کی معاشی حیثیت کسی بھی صورت بچوں کے مستقبل کا فیصلہ نہیں کر سکتی، بلکہ ہر وہ بچہ جو محنت اور قابلیت رکھتا ہے، وہ اس ملک کا اصل اثاثہ ہے اور حکومت اس کے خوابوں کو پورا کرنے کے لیے تمام تر وسائل جھونکنے کے لیے تیار ہے۔ یہ حوصلہ افزائی ان لاکھوں بچوں کے لیے ایک سنگِ میل ثابت ہوگی جو وسائل نہ ہونے کی وجہ سے اپنی تعلیم ادھوری چھوڑ دیتے ہیں، اور اب انہیں یہ یقین ہو چلا ہے کہ ان کی پشت پر ریاستِ پاکستان کھڑی ہے۔

اس منصوبے کا ایک اور اہم اور دور رس پہلو قومی یکجہتی اور بین الصوبائی ہم آہنگی کا فروغ ہے جو اس تعلیمی ماڈل کے ذریعے حاصل کیا جا رہا ہے۔ اسلام آباد کے اس اسکول میں مختلف علاقوں اور صوبوں سے آئے ہوئے سیکڑوں ہونہار بچے اور بچیاں ایک ساتھ چھٹی، ساتویں اور آٹھویں جماعتوں سے اپنی تعلیم کا آغاز کر رہے ہیں، جہاں انہیں مکمل طور پر مفت بورڈنگ اور بین الاقوامی معیار کا تعلیمی ماحول فراہم کیا جا رہا ہے۔ جب ملک کے کونے کونے سے آئے ہوئے غریب خاندانوں کے بچے ایک ہی چھت تلے پڑھیں گے، کھیلیں گے اور تربیت پائیں گے، تو ان کے درمیان صوبائیت، لسانیت اور عصبیت کے تمام بت پاش پاش ہو جائیں گے اور وہ صرف اور صرف ایک پاکستانی بن کر ابھریں گے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا یہ تعلیمی ماڈل، جو انہوں نے سب سے پہلے وزیر اعلیٰ پنجاب کے طور پر 2010 میں متعارف کرایا تھا، اب وفاق کی سطح پر پھیل کر پورے پاکستان کو یکجا کرنے کا ایک بہترین ذریعہ بن چکا ہے۔ یہ اسکولز آنے والے وقتوں میں ایسے پختہ کار اور مخلص لیڈرز پیدا کریں گے جو نہ صرف ٹیکنالوجی اور سائنس کے میدان میں ملک کا نام روشن کریں گے بلکہ ملک کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کے حقیقی محافظ بھی ثابت ہوں گے۔

اسلام آباد میں 30 ایکڑ پر محیط اس شاندار دانش سکول کا افتتاح پاکستان کے روشن اور مستحکم مستقبل کی ایک مضبوط بنیاد ہے۔ موجودہ معاشی چیلنجز کے باوجود تعلیم جیسے مقدس اور اہم شعبے پر اتنی بڑی سرمایہ کاری کرنا یہ ثابت کرتا ہے کہ حکومت کے پاس ملک کو بحرانوں سے نکالنے کا طویل مدتی اور پائیدار روڈ میپ موجود ہے، کیونکہ انسانی وسائل پر کی جانے والی سرمایہ کاری کبھی رائیگاں نہیں جاتی۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کا یہ انقلابی اقدام تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھا جائے گا، کیونکہ انہوں نے اشرافیہ کے تعلیمی نظام کے تسلط کو چیلنج کرتے ہوئے غریب کے بچے کو بھی اسی معیاری تعلیم کا حقدار بنایا ہے جس پر کبھی صرف امیروں کا حق سمجھا جاتا تھا۔ اب وقت آ گیا ہے کہ اس تعلیمی مشن کو مزید وسعت دی جائے اور ملک کے ہر اس ضلع تک پہنچایا جائے جہاں بچے اسکولوں سے باہر ہیں۔ جب تک ہمارے اسکولوں میں علم کی شمعیں روشن رہیں گی اور غریب بچوں کو آگے بڑھنے کے مساوی مواقع ملتے رہیں گے، تب تک پاکستان کو دنیا کی ایک عظیم اور ترقی یافتہ قوم بننے سے کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ تعمیر، ترقی، مساوات اور سب کے لیے یکساں تعلیم ہی وہ واحد راستہ ہیں جو ہمیں ایک خوشحال اور باوقار پاکستان کی منزل تک لے جا سکتے ہیں۔

نوٹ:۔ کالم نگاروں کی اپنی رائے ہے اس سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بقیہ 1

کا خوبصورت صوبہ ہے، یہ رحمان بابا اور خوشحال خان خٹک کا صوبہ ہے، آزادی کے وقت اس صوبے نے بڑی اکثریت سے پاکستان میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت خیبر پختونخوا دہشتگردی، بنیادی عوامی سہولیات کی عدم دستیابی سے بہت متاثر ہے، خیبر پختونخوا کے عوام محرمیوں کا شکار ہیں، ہمیں مجبوری میں صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا، اللہ سے دعا ہے کہ صوبے میں امن اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے میں مدد فراہم کرے۔ انہوں نے پشاور سکول کی چھت گرنے کے واقعہ میں ایک استانی اور بچوں کی المناک وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے گورنر خیبر پختونخوا کو کہا تھا کہ وہ متاثرہ جگہ کا فوری دورہ کر کے اس سانحے کی مکمل تحقیقات کرائیں۔ وزیراعظم نے صوبہ کی صورتحال کا ذکر کہا کہ چند برسوں میں جو حالات پیدا کر دیئے گئے اس کی وجہ سے یہ صوبہ بہت متاثر ہے، چھ برسوں میں جو حالات پیدا کئے گئے اس کے بعد امن و امان کو بہت نقصان پہنچا، انہوں نے کہا کہ ہماری بہادر افواج اور سیکورٹی اداروں نے بہت قربانیاں دے کر خیبر پختونخوا سمیت پاکستان میں دہشت گردی کا قلع قمع کر دیا تھا اور دو ہزار اٹھارہ تک اس صوبے میں مکمل امن قائم ہوگیا تھا، یہ امن سیکورٹی اداروں سمیت ہماری ماؤں، بہنوں اور بچوں کی قربانیوں کے نتیجے میں قائم ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 80 ہزار لوگ شہید ہوئے اور کئی سو ارب ڈالر کا نقصان ہوا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے کئی سیاسی خاندانوں نے دہشت گردی کے خلاف بہت قربانیاں دیں، کئی گھر اجڑ گئے، عظیم قربانیوں کے نتیجے میں مکمل امن قائم ہوا تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ قیام امن کے بعد پی ٹی آئی دور میں دہشت گردوں کو دوبارہ بلایا گیا اور تمام قربانیوں پر پانی پھیر دیا گیا، جس کا خمیازہ صوبے کے عوام کو بھگتنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ قوم کے بچوں کے مستقبل کی خاطر ہماری سیکورٹی فورسز کے ہزاروں جوانوں نے اپنی جانیں قربان کیں، ان قربانیوں کا احساس اور احترام نہ کرنے سے بڑی ملک دشمنی کوئی اور نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی دور میں خیبر پختونخوا میں تعلیم، صحت، امن سمیت عوامی فلاح کے تمام امور نظر انداز کئے گئے، اس سے بڑی مجرمانہ غفلت اور بے حسی کی مثال اور نہیں ہوسکتی۔ اسی وجہ سے حالیہ چند برسوں میں دہشت گردی میں پھر اضافہ ہوا۔ وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ صوبائی حکومت کے دور میں پولیس کی پانچ ہزار آسامیوں پر بھرتی نہیں کی گئی، خیبر پختونخوا میں سیف سٹی منصوبہ ابھی بھی نامکمل ہے، انسداد دہشت گردی محکمے اور پولیس کی تربیت پر کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ 2010 کے این ایف سی ایوارڈ میں تمام صوبوں نے ملکر خیبر پختونخوا کی مدد کا فیصلہ کیا، تمام صوبوں نے انسداد دہشت گردی کے لئے خیبر پختونخوا کو وسائل فراہم کرنے پر اتفاق کیا۔ صوبوں نے مل کر فیصلہ کیا کہ خیبر پختونخوا دہشت گردی کے خلاف فرنٹ لائن ہے، تمام وزراء اعلی نے فیصلہ کیا کہ وفاق اور صوبوں کے حصے کے فنڈز میں سے ایک فیصد اضافی خیبر پختونخوا کو دیئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ 2010 کے بعد سے خیبر پختونخوا کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت انسداد دہشت گردی کی مد میں آٹھ سو ارب روپے دیئے گئے۔ افسوس کا مقام ہیکہ دہشت گردی ختم ہونے کی بجائے مزید ابھر کر سامنے آئی۔ خیبر پختونخوا میں سیکورٹی فورسز کو تربیت اور جدید اسلحہ اور دیگر آلات نہیں دیئے گئے۔ خیبر پختونخوا سے متعلق یہ انتہائی تکلیف دہ داستان ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت نے پی ٹی آئی کے وزرائے اعلیٰ کو یقین دلایا تھا کہ انسداد دہشت کے لئے آپ کے ساتھ کھڑے ہیں، گذشتہ ڈھائی سال میں ملکی معیشت کو بحال کرنے کے لئے دن رات محنت کی گئی، سیاسی اور عسکری قیادت کی دن رات کوششوں سے ملکی معیشت مستحکم ہوچکی ہے، دوستوں کے ساتھ اغیار بھی اقرار کرتے ہیں کہ پاکستان نے معیشت بحال کی۔ وزیراعظم نے سوال کیا کہ کیا ہم خیبر پختونخوا کو مزید جلتے ہوئے دیکھتے رہتے؟ ہم نے سیاسی لیٹی بنائی انہوں نے اڑتالیس گھنٹے تک مذاکرات میں بہت محنت کی، کب تک ہم خیبر پختونخوا میں خون ریزی برداشت کرتے رہتے؟ وزیراعظم نے کہا کہ انہوں نے خیبر پختونخوا کے انتہائی خراب حالات پر صدر مملکت سے دو بار مشاورت کی۔ انہی وجوہات کی بنا پر خیبر پختونخوا میں سخت فیصلے کرنے پڑے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مشاورتی کونسل وجود میں آچکی ہے جس میں مختلف شعبوں کے ماہرین شامل ہیں، مشاورتی کونسل میں قابل اور ایماندار لوگ شامل ہیں۔ انہوں نے کہاک ہیترہ سال سے صوبے کے عوام ترسے ہوئے ہیں کہ ان کے مسائل حل ہوں، خیبر پختونخوا کے عوام چاہتے ہیں کہ انہیں بھی بنیادی سہولتیں انکی دہلیز پر میسر ہوں، اس تبدیلی کے مثبت نتائج حاصل کرنا لازمی ہے۔ اللہ کی مدد اور آپ سب کے تعاون سے سیکورٹی سمیت مجموعی حالات بہتر ہونگے۔ وزیراعظم نے خیبر پختونخوا میں کرپشن کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جس پارٹی نے کرپشن کے خاتمے کے نام پر ووٹ لئے وہ خود کرپشن میں ڈوبی ہوئی ہے، خیبر پختونخوا میں کرپشن کی نت نئی کہانیاں سامنے آئیں، خیبر پختونخوا میں پینے کے صاف پانی منصوبے میں ایک سو ارب روپے کی کرپشن ہوئی، کوہستان میگا سکینڈل میں 37 ارب کی کرپشن سامنے آئی، پلیسر گولڈ پراجیکٹ میں من پسند افراد کو ٹھیکے دیئے گئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں جو قدم اٹھایا گیا، قانون و آئین اِس فیصلے کا اختیار دیتا ہے۔ وزیراعظم نے خیبر پختونخوا سے متعلق فیصلے پر تمام حلیف جماعتوں، صدر آصف علی زرداری اور قائد نواز شریف کا خصوصا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ وعدہ کرتا ہوں کہ وفاقی حکومت، عسکری قیادت کے ساتھ ملکر خیبر پختونخوا کے عوام کے مسائل حل کرے گی، خیبر پختونخوا میں خوشیاں، امن اور ترقی کا دور واپس لائیں گے، خیبر پختونخوا کے عوام کی خوشحالی کے خوابوں کو عملی جامہ پہنائیں گے۔ اس سے قبل گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں امن وامان کا قیام ہماری اولین ترجیح ہے اور خیبر پختونخوا کے عوام امن چاہتے ہیں، فوج، ایف سی اور پولیس نے خیبر پختونخوا میں امن وامان کے قیام کیلئے قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، خیبر پختونخوا میں پائیدار امن و استحکام کے لیے وفاق کا تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے تمام ادارے اگر ایک صفحے پر ہوں تو امن وترقی کا عمل نہیں روکا جا سکتا، صوبے سے دہشت گردوں، ان کیسہولتکاروں اور مالی معاونت کاروں کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں مسائل کے حل کیلئے قابل عمل حکمتِ عملی وضع کرنا ہمارا مقصد ہے، خیبر پختونخوا میں امن واستحکام کے لیے وفاق کے تعاون کے شکرگزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں ایسا ماحول چاہتے ہیں جہاں ہر شہری خود کو محفوظ اور ترقی کے عمل کا حصہ سمجھے، خیبر پختونخوا کو امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی کا مثالی صوبہ بنانا ہے، عوامی تحفظ اور خوشحالی کیلئے وفاق اور صوبے کے درمیان تعاون ضروری ہے۔ نیشنل ایکشن پلان کی فیڈرل ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال، وزیر داخلہ سید محسن نقوی، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر برائے گلگت بلتستان و آزاد جموں و کشمیر امور انجینئر امیر مقام، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر پاور سردار اویس لغاری، وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ، اعلیٰ عسکری قیادت اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 2

میں وسیع معلومات اور آگاہی کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے لیٹی کی مخلصانہ اور مسلسل کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس ادارے نے رکن ممالک کو Ionizing Radiation سے تحفظ کے لیے بین الاقوامی معیارات مرتب کرنے کی خاطر مضبوط سائنسی بنیاد بھی فراہم کی ہے۔ پاکستانی مندوب نے لیٹی کے کام کو مزید موثر بنانے کے لیے مناسب، قابلِ پیش گوئی اور پائیدار مالی وسائل کی فراہمی پر زور دیا۔

بقیہ 3

شمالی علاقوں میں ایل پی جی 750 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے، درآمد کنندگان نے موجودہ فارمولے پر نظر ثانی کا مطالبہ کیا ہے اور ماہانہ کے بجائے ہفتہ وار یا روزانہ قیمتیں مقرر کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ مزید برآں حکومت مائع پیٹرولیم گیس کی قیمتیں مقرر کرنے کے لیے موجودہ ماہانہ نظام کی جگہ روزانہ قیمتوں کے تعین کا طریقہ کار متعارف کرانے پر غور کررہی ہے۔

بقیہ 4

24 اکتوبر 2026 تک جرمنی کا دورہ کریں گے۔ جمعرات کو دفتر خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق دورے کے دوران صدر مملکت وفاقی جمہوریہ جرمنی کے صدر کے ساتھ ساتھ اعلی قیادت اور کاروباری رہنماؤں سے ملاقاتیں کریں گے تاکہ پاکستان اور جرمنی کے دوطرفہ تعلقات پر بات چیت کی جا سکے۔ ان ملاقاتوں میں معاشی اور تجارتی تعاون پر خاص توجہ دی جائے گی۔ یہ دورہ پاکستان اور جرمنی کے درمیان اعلی سطح کے تبادلوں کا حصہ ہے اور دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر خصوصی اہمیت کا حامل ہے جو اس سال منائی جا رہی ہے۔ یہ دونوں ممالک کے باہمی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے گہرے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 5

کے تحریری فیصلے کے مطابق سروس ٹریبونل کو پالیسی امور اور ریکروٹمنٹ رولز کالعدم یا ختم کرنے کا اختیار نہیں تھا، ٹریبونل کو اپنے دائرہ اختیار کی حدود کا خیال رکھنا چاہیے تھا، ٹریبونل خود کو ایگزیکٹو کے مقام پر فائز نہیں کر سکتا اور نہ ہی قواعد از سرنو بنانے کی ہدایت دے سکتا ہے۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ ملازم کو یکم جنوری 2021 کو جونیئر آڈیٹر سے سینئر آڈیٹر کے عہدے پر ترقی مل چکی تھی، ملازم نے 2014 کے قواعد کے تحت ترقی حاصل کی اور بعد میں انہی قواعد کو چیلنج کیا۔ عدالت عظمٰی کے فیصلے کے مطابق جونیئر آڈیٹر سے اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر کے عہدے پر ڈائریکٹ پروموشنل جمپ کا کوئی قانونی یا ویسٹڈ رائٹ نہیں، ترقی بذاتِ خود کوئی بنیادی یا حاصل شدہ حق نہیں ہے۔ فیصلے میں واضح کیا گیا کہ حکومت کو انتظامی ضروریات کے مطابق سروس اسٹرکچر اور بھرتی کے قواعد میں ترمیم کا مکمل اختیار ہے، جونیئر آڈیٹر سے سینئر آڈیٹر (BS-16) کی ترقی کا کوٹہ 10 فیصد سے بڑھا کر مئی 2019 میں 50 فیصد کیا جا چکا ہے۔ تحریری فیصلے کے مطابق اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے 2017، 2019 اور 2021 میں انہی رولز میں ترمیم کی منظوری دی، بعد کی منظوریوں اور رولز کے تسلسل سے عملی نفاذ سے 2014 کے قواعد کی قانونی حیثیت برقرار رہتی ہے۔ سپریم کورٹ نے فیصلے میں یہ بھی واضح کیا کہ آئین کے آرٹیکل 212 کے تحت سروس ٹریبونل کا دائرہ اختیار ملازمین کی ملازمتی شرائط وضوابط تک محدود ہے، اگر قواعد سے کسی ملازم کے بنیادی یا قانونی حقوق متاثر نہ ہوں تو ٹریبونل کو مداخلت نہیں کرنی چاہیے۔ واضح رہے کہ سروس ٹریبونل نے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی ابتدائی منظوری نہ ہونے کی بنیاد پر رولز کو کالعدم قرار دیا تھا۔

بقیہ 6

کے موجودہ بحران میں کلیدی سیاسی کردار ادا کیا اور اب معاشی میدان میں بھی اپنی اہمیت و افادیت ثابت کریں گے۔ واشنگٹن ڈی سی میں پاکستانی سفارت خانے سے جاری بیان کے مطابق سفارت خانے میں پاک امریکا ٹیک کنیکٹ 2026 کی تیسرے ایڈیشن کا کامیاب انعقاد کیا گیا، سلیکون ویلی اور ڈیلاس کے بعد واشنگٹن ڈی سی میں بھی پاک امریکا ٹیک کنیکٹ 2026 میں پاکستانی آئی ٹی کمپنیوں، امریکی ماہرین، سرمایہ کار اور شراکت داروں نے بھرپور شرکت کی۔

بقیہ 7

اوشیانا کانگریس آف آبسٹیٹرکس اینڈ گائنا کالوجی (AOFOG) کے موقع پر دیا گیا۔ ڈاکٹر گل سمین میروانی نے کوئٹہ انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (QIMS) سے ایم بی بی ایس کی ڈگری حاصل کی جہاں انہوں نے امراضِ نسواں وزچگی کے مضمون میں امتیازی پوزیشن حاصل کی۔ بعد ازاں انہوں نے کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) کے تحت گائنا کالوجی اینڈ آبسٹیٹرکس میں ایف سی پی ایس (FCPS) مکمل کیا ان کی خصصی تربیت میں جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر (JPMC)، کراچی، اور بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال (BMCH)، کوئٹہ شامل ہیں۔ یہ اعزاز ڈاکٹر گل سمین میروانی کی پیشہ ورانہ قابلیت، محنت اور لگن کا اعتراف ہے اور پنجگور، مکران ڈویژن اور پورے بلوچستان کے لیے باعثِ فخر ہے ان کی کامیابی بالخصوص نوجوان ڈاکٹروں اور میڈیکل کی طالبات کے لیے ایک حوصلہ افزا مثال ہے۔ خواتین کی صحت، محفوظ زچگی اور معیاری طبی سہولیات کے فروغ میں ماہر امراضِ نسواں کا کردار نہایت اہم ہے۔ ڈاکٹر گل سمین میروانی کی یہ کامیابی بلوچستان کے طبی شعبے میں موجود صلاحیتوں کو اجاگر کرتی ہے۔ اس موقع پر سوسائٹی آف آبسٹیٹریشینز اینڈ گائنا کالوجسٹس آف پاکستان (SOGP) کی صدر پروفیسر ڈاکٹر عائشہ صدیقہ کی جانب سے ڈاکٹر گل سمین میروانی کو ادارے کی طرف سے سرٹیفکیٹ بھی پیش کیا جا رہا ہے۔ ڈاکٹر گل سمین میروانی کی یہ کامیابی نہ صرف پنجگور اور مکران بلکہ پورے بلوچستان کے لیے باعث افتخار اور نئی نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے۔

بقیہ 8

کی وصولی، ادارہ جاتی اصلاحات، ٹیکس قوانین پر عملدرآمد اور ڈیجیٹل نظام کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان کاکڑ، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے ادارے کی مجموعی کارکردگی، محصولات کی وصولی اور جاری اصلاحاتی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ اتھارٹی کی ڈیجیٹلائزیشن مکمل کر لی گئی ہے، جو ٹیکس انتظامیہ کو جدید خطوط پر استوار کرنے، دفتری امور میں بہتری اور کارکردگی میں اضافے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ مستقبل میں ٹیکس اسیسمنٹ کے عمل کو مزید موثر بنانے کے لیے مصنوعی ذہانت (AI) سمیت جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے امکانات کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد، نگرانی کے نظام کو بہتر بنانے اور شفافیت یقینی بنانے کے لیے اتھارٹی کے آڈٹ ونگ کو مزید مضبوط کیا گیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد ٹیکس تعمیل میں بہتری، موثر نگرانی اور ٹیکس انتظامیہ میں شفافیت کو فروغ دینا ہے۔ چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے جاری رجسٹریشن مہم کے حوالے سے بھی بریفنگ دی، جس کا مقصد زیادہ سے زیادہ کاروباری اداروں کو ٹیکس نیٹ میں شامل کرنا، محصولات کی بنیاد کو وسیع کرنا اور صوبے میں ٹیکس نظام کو مزید موثر اور شفاف بنانا ہے۔ وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے اتھارٹی کی کارکردگی اور اصلاحاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے محصولات کی وصولی میں مسلسل بہتری، ٹیکس قوانین پر موثر عملدرآمد اور ٹیکس نیٹ میں توسیع کے لیے کوششیں مزید تیز کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے اس امر کی اہمیت اجاگر کی کہ جدید ٹیکنالوجی، مضبوط نگرانی اور بہتر انتظامی حکمت عملی کے ذریعے صوبائی محصولات میں اضافے اور ٹیکس نظام کی استعداد کار بہتر بنانے کے لیے مسلسل پیش رفت جاری رکھی جائے۔

بقیہ 9

2006/(I)693 میں ترمیم کرتے ہوئے نئے پی سی ٹی کوڈز شامل کر دیئے۔ وزارت خزانہ کے ریونیو ڈویژن نے ایس آر او 2026/(I)1898 جاری کیا ہے۔ اس کے تحت ہیوی کمرشل گاڑیوں کے ریڈیل ٹائروں کے لیے پی سی ٹی کوڈ 4011.2091 اور دیگر ٹائروں کے لیے 4011.2099 مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح موٹر سائیکلوں کے مختلف پرزہ جات کے لیے پی سی ٹی کوڈ 8714.1090 شامل کیا گیا ہے، جس میں نمبر پلیٹ، بریکٹ، سائیڈ ریفلیکٹرز، دائیں اور بائیں سائیڈ پلیٹس، فرنٹ ڈیکوریٹو لنشن پارٹ، فٹ پلیٹ، وہیل اسمبلی اور ونڈ اسکرین کے پرزہ جات شامل ہیں۔ سیٹ باکس، ٹول باکس اور سینٹر کورز بھی اس کوڈ کا حصہ ہوں گے۔

بقیہ 10

26-2025 میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ عالمی بینک کے مطابق ایس اینڈ پی اور موڈیز نے پاکستان کی قرضوں کی درجہ بندی بہتر کی ہے جبکہ پاکستان نے عالمی منڈی میں 750 ملین ڈالر اور 3 ارب ڈالر کے یورو بانڈز بھی جاری کیے۔ رپورٹ کے مطابق زرعی شعبے کی شرح نمو 2.9 فیصد رہی جس میں لائیوسٹاک نے اہم کردار ادا کیا جبکہ خدمات کے شعبے میں 4.1 فیصد نمو ریکارڈ کی گئی، پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 19.7 ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں جبکہ مجموعی مالیاتی خسارہ کم ہوکر مجموعی قومی پیداوار کے 2.6 فیصد کے برابر رہ گیا۔

بقیہ 11

اجلاس میں تنازعہ جموں و کشمیر پر قرارداد نمبر 3/52-پی اوایل منظور کی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ڈی ایف پی کے قائم مقام چیئرمین محمود احمد ساغرنے ''او آئی سی'' کے سیکرٹری جنرل سیکرٹری جنرل اسماعیل الشیخ احمد کے نام ایک خط میں اس قرارداد کا خیر مقدم کیا جس میں اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق، اقوام متحدہ کی زیرِ نگرانی آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے ذریعے جموں و کشمیر کے عوام کے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کی واضح توثیق کی گئی ہے۔

بقیہ 12

امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے بتایا ہے کہ احسن اقبال سے گفتگو کے دوران پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کے مطالبے پر حکومت سے جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیم کا اجلاس طے ہوگیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مذاکرتی کمیٹیوں کا مشترکہ اجلاس (آج) جمعہ کو اسلام آباد میں ہوگا۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ اجلاس میں وزیر اعظم شہباز شریف اور حافظ نعیم الرحمن کی ملاقات متوقع ہے۔

بقیہ 13

پیداوار ہارون اختر خان نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز)، کاروباری کلسٹرز، بینکوں، سٹیٹ بینک پاکستان اور متعلقہ سرکاری محکموں کے نمائندوں کے ساتھ مشاورتی نشست منعقد کی جس کا مقصد کاروباری اداروں کو سستے اور بروقت قرضوں اور مالی سہولتوں کے حصول میں درپیش مشکلات کا جائزہ لینا تھا، اجلاس کے دوران مختلف ایس ایم ای کلسٹرز کے نمائندوں نے اپنے کاروباروں کو درپیش مالی مشکلات اور طریقہ کار سے متعلق رکاوٹوں کی نشاندہی کی، ان مسائل میں قرضوں کے حصول میں مشکلات، کاروبار کی توسیع، ورکنگ کیپٹل کی ضروریات پوری کرنے اور کاروباری مواقع سے فائدہ اٹھانے کیلئے موزوں مالی سہولتوں تک رسائی شامل تھی۔ وزارت صنعت و پیداوار کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق ہارون اختر خان نے شرکا کے مسائل اور تجاویز کو غور سے سنا اور اس بات پر زور دیا کہ بینکوں اور سٹیٹ بینک کو ایس ایم ای کلسٹرز کے مسائل کا سنجیدگی سے جائزہ لینا چاہئے اور ان کے حل کے لئے موثر اقدامات، مناسب فالو اپ اور جوابدہی کو یقینی بنانا چاہئے۔

بقیہ 14

پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے اور مالی سال 26-2025 میں بنیادی مہنگائی کی اوسط شرح شہری علاقوں میں 7.4 فیصد رہی جب کہ مجموعی مالیاتی خسارہ کم ہو کر جی ڈی پی کا 2 اعشاریہ 6 فیصد رہ گیا۔ رپورٹ کے مطابق فروری سے جون 2026 کے دوران پیٹرول کی قیمت میں تقریبا 36 فیصد اضافہ ہوا، ہائی اسپیڈ ڈیزل 31 فیصد مہنگا ہوا، ایل پی جی کی قیمت میں تقریبا 46 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جب کہ ٹرانسپورٹ کرایوں میں تقریبا 30 فیصد اضافہ ہوا۔ عالمی بینک کی رپورٹ میں بتایا گیا ہیکہ ایس اینڈ پی اور موڈیز نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ بہتر کردی ہے۔

بقیہ 15

بھی طلب کی گئی ہے جب کہ غیر ملکی شہری سے شادی کی تفصیلات بھی دینا ہوں گی۔

بقیہ 16

سیکریٹری ندا سنگر نے انجام دیے۔ کانفرنس میں علاقائی سیکریٹری نے گزشتہ تین سال کی تنظیمی و سیاسی کارکردگی پر مشتمل تفصیلی رپورٹ پیش کی، جس کا سینکڑوں مندوبین نے جائزہ لینے کے بعد منظوری دی۔ کانفرنس میں نئے علاقائی ایگزیکٹو کا انتخاب عمل میں لایا گیا، جس کے مطابق ملک شاہد خان کاسی سیکریٹری، ڈاکٹر ظاہر شاہ سینئر معاون سیکریٹری، جبکہ محمد حیات خان بڑیچ، عبدالرحمان خان، زوہیب خان کبزئی، ملک آصف خان کاسی، ملک عبدالقدیر کاسی اور اقبال چند معاونین منتخب ہوئے۔

بقیہ 17

سامنا کرنا پڑتا ہے جس کی پشتونخوا میپ روزِ اول سے مذمت کرتی آئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ آئین پاکستان ہر شخص، جماعت، یا تنظیم کو اجازت دیتا ہے کہ وہ آزادی سے اپنی رائے، پروگرام، سیاسی تنظیم کے فروغ کے لئے آواز بلند کرے اور آئین وقانون کے دائرے کے اندر اپنے نظریات کے لئے مہم چلا سکے لیکن بدقسمتی سے ملک میں آج یہ سب کچھ نایاب یا ممنوع ہو چکا ہے جس کے لئے آواز بلند کرنا ہر مترقی سیاسی جمہوری پارٹی کی ذمہ داری ہے۔ آخر میں ایک مرتبہ پھر علی وزیر کی رہائی کا خیر مقدم کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ عمران خان اور دیگر تمام سیاسی اسیران کو رہا کیا جائے اور ملک میں سیاسی جمہوری روایات اور آئینی وقانونی اقدامات کو فروغ دیا جائے۔

بقیہ 18

ذیشان علی اور خرم داد، کو چین میں سخت طبی، نفسیاتی اور تکنیکی جانچ کے بعد خصوصی خلائی تربیت دی گئی ہے۔ اس خلائی سفر کیلئے ان میں سے ایک پائلٹ کو حتمی طور پر منتخب کیا جائے گا، جو چین کے خلائی اسٹیشن پر پاکستان کی نمائندگی کرے گا، یہ خلاباز صرف خلا کا وزٹ نہیں کرے گا، بلکہ وہاں سائنسی تجربات بھی انجام دے گا۔ ان تجربات میں بائیوٹیکنالوجی اور زندگی سے متعلق تحقیق شامل ہے، جس سے مستقبل میں خوراک کی کمی اور موسمیاتی تبدیلی جیسے مسائل کو سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان خلائی تعاون کا آغاز فروری 2025 میں خلابازوں کی تربیت اور خلائی مشن سے متعلق معاہدے کے ذریعے ہوا تھا۔ اب یہی تعاون پاکستان کے انسانی خلائی سفر کے خواب کو حقیقت کے قریب لا رہا ہے، رپورٹ کے مطابق پاکستان کا مقصد صرف خلا تک پہنچنا نہیں بلکہ پاکستان نے 2035 تک چاند پر پہنچنے کا ہدف بھی مقرر کیا ہے۔ دونوں ممالک ایک پاکستانی ساختہ قمری روور پر بھی کام کر رہے ہیں، جسے مستقبل میں چین کے چانگ ای 8 مشن کے ذریعے چاند پر بھیجنے کا منصوبہ ہے۔ اس سے قبل وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نارووال یونیورسٹی میں پاکستان کا پہلا خلائی عجائب گھر قائم کرنے کا اعلان بھی کیا گیا ہے، تاکہ نوجوانوں میں سائنس اور خلائی تحقیق کا شوق پیدا کیا جا سکے۔ 25 نومبر کا یہ مشن پاکستان کیلئے محض ایک خلائی سفر نہیں، بلکہ سائنسی ترقی اور مستقبل کے نئے امکانات کی جانب ایک اہم قدم ہوسکتا ہے.

بقیہ 19

سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ آن لائن کچہری میں کوئٹہ شہر سمیت صوبہ کے تمام آپریشن سرکلز کے مختلف علاقوں سے صارفین نے فون پر رابطہ کر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کو اپنے علاقوں کی بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات سے آگاہ کیا۔ جس کے ازالے کیلئے انھوں نے موقع پر ہی متعلقہ حکام کو احکامات جاری کئے۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ نے آن لائن کچہری میں صارفین سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کیلئے کیسکو کے تمام آپریشن سرکلز میں آن لائن کچہری کا انعقاد کیا جاتا ہے جس کا سب سے زیادہ فائدہ صارف کو حاصل ہوتا ہے کیونکہ اس اقدام سے صارف کا مسئلہ کم سے کم وقت میں حل کیا جاسکتا ہے۔ اسکے علاوہ انہوں نے فون پر رابطہ کرنے والے تمام صارفین سے گزارش کی کہ وہ اپنے بجلی بلوں کی بروقت ادائیگی کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے ذمہ بقایاجات بھی جمع کروائیں۔ اسکے علاوہ تمام صارفین اپنے اردگرد بجلی کے غیر قانونی استعمال کرنے والے بجلی چوروں کی نشاندہی کرنے میں بھی کیسکو سے تعاون کریں۔

بقیہ 20

سے موثر انداز میں نمٹنے کی تربیت فراہم کرنا تھا۔ پروگرام میں اساتذہ اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ایونٹ کے دوران ایک پینل ڈسکشن، آگاہی واک، اصلاحی خاکہ اور مختلف معلوماتی و آگاہی اسٹالز کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔ آگاہی واک کی قیادت جامعہ تربت کے فیکلٹی ممبر ڈاکٹر عبدالقیوم اور روان ء سھار کے نمائندگان نے کی، جس میں مختلف شعبہ جات کے طلباء نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں ذہنی صحت کے نامور ماہرین اور سائیکالوجسٹس، ڈاکٹر تاج بلوچ، ڈاکٹر شاکر منظور، محترمہ آصفہ فقیر اور محترمہ اسماء یاسین نے شرکاء کو اپنی ذہنی و نفسیاتی صحت کا باقاعدگی سے خیال رکھنے اور تناؤ پر قابو پانے کے مختلف حکمت عملیوں اور طریقہ کار کے بارے میں تفصیلی روشنی ڈالی۔ پینل ڈسکشن کے دوران طلباء نے جسم میں غذائیت کی قلت، جدید ٹیکنالوجی اور موبائل اسکرین کے حد سے زیادہ استعمال کے ذہنی ونفسیاتی صحت پر مرتب ہونے والے اثرات پر بھی سوالات کیے، جن کے ماہرین نے نہایت جامع اور پیشہ ورانہ انداز میں جوابات دیے۔ پینل ڈسکشن کی نظامت کے فرائض جامعہ تربت کے طالب علم محمد حارث نے انجام دیے۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے اس بامقصد اور کامیاب پروگرام کے انعقاد پر ڈائریکٹر اسٹوڈنٹ افیئرز چاکر حیدر اور روان ء سھار کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی کاوشوں کو سراہا۔ وائس چانسلر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ جامعہ تربت اپنے مختلف اسٹوڈنٹ کلبز اور سوسائٹیز کے پلیٹ فارم سے طلباء کی کیریئر گائیڈنس کے ساتھ ساتھ ان کی ذہنی، نفسیاتی اور جسمانی تندرستی کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 21

تعلیم، ثقافت، باہمی روابط اور دوطرفہ تعاون کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا بھی شریک تھے۔ تفصیلات کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان مذہبی وفود کے تبادلے، مذہبی تعلیم کے شعبے میں تعاون بڑھانے اور خطے میں بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری اور امن کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 22

اجلاس میں شہدا کے درجات کی بلندی، مغفرت اور کشمیری عوام کی آزادی وسربلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ 22 اکتوبر 1993 کو بھارتی بارڈر سکیورٹی فورس کے اہلکاروں نے بھارت کے غیر قانونی زیرتسلط جموں وکشمیر کے ضلع اسلام آباد (اننت ناگ) کے علاقے بج بہاڑہ میں پرامن کشمیری مظاہرین پر اندھا دھند فائرنگ کر کے 50 سے زیادہ افراد کو شہید کر دیا تھا۔

بقیہ 23

کم کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔ گریس ویلی میں قائم کلوژرز کے کامیاب ماڈل کو سامنے رکھتے ہوئے ریاست بھر، بالخصوص وادی نیلم میں مزید کلوژرز قائم کیے جائیں گے، تاکہ قدرتی ماحول اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کو محفوظ بنایا جا سکے۔ وزیر جنگلات نے واضح کیا کہ سرسبز درختوں کی کٹائی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ نی ڈی کو ٹہ عوام کی ایندھن کی ضروریات پوری کرنے کیلئے موجود ہے، اس لیے سرسبز درختوں کی کٹائی کا کوئی جواز نہیں۔ دورے کے دوران وزیر جنگلات نے مسک ڈیئر نیشنل پارک تابٹ، فش ہیچری تابٹ اور کریم آباد کی نرسریوں کا معائنہ کیا اور جنگلات، جنگلی حیات اور آبی وسائل کے تحفظ کیلئے جاری اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عوامی وفود سے ملاقاتیں بھی کیں اور ان کے مسائل و تجاویز سنے۔ اس موقع پر سیکرٹری جنگلات، وائلڈ لائف وفشریز چوہدری محمد فرید، ناظم اعلی جنگلات پرسپل ڈاکٹر سردار افتخار احمد، ناظم اعلی جنگلات علاقائی ملک اسد محمود، ناظم اعلی جنگلات ترقیات راجہ زاہد حسین، پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر ذاکر حسین، ناظم جنگلات سید مظہر نقوی، ''ممین جنگلات اویس جاوید اور سردار وقاص علی، فاریسٹ مجسٹریٹ ثاقب محمود عباسی اور ڈائریکٹر وائلڈ لائف وفشریز نعیم ڈار بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈی ایف او شاردہ راجہ فراقت خان، ڈی ایف او کیل ڈویژن عبدالمناف کیانی، رینج آفیسران سید حکم شاہ، میاں حیات اور اسلم سواتی، بلاک آفیسران شفقت تنویر اور بشیر شاہ سمیت دیگر افسران نے شاردہ سے تابٹ تک قائم جنگلاتی کلوژرز کے حوالے سے بریفنگ دی۔ وزیر جنگلات نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ جنگلات کے تحفظ، غیر قانونی کٹائی کی روک تھام اور شجرکاری کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے محکمانہ اقدامات مزید موثر بنائے جائیں۔

بقیہ 24

برادریوں کے درمیان جاری کشیدگی اور سربیا کے ساتھ حل طلب مسائل بدستور علاقائی استحکام کے لیے خطرہ ہیں، ان رجحانات کو جڑ پکڑنے سے پہلے روکنا انتہائی ضروری ہے۔ یہ بات اقوام متحدہ میں پاکستان کے قائم مقام مستقل مندوب عثمان جدون نے کوسوو میں اقوام متحدہ کے عبوری انتظامی مشن برائے کوسوو کی سرگرمیوں بارے بریفنگ کے بعد کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہم مذہب، عقیدے یا نسلی شناخت کی بنیاد پر کسی بھی قوم یا برادری کے خلاف کیے جانے والے تمام اقدامات کی دوٹوک مذمت کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ متعلقہ حکام ایسی سرگرمیوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کریں گے۔ پاکستانی مندوب نے مشترکہ آبی وسائل کا رخ موڑنے سے متعلق بیانات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مشترکہ سرحد پار آبی وسائل کو سیاسی پوائنٹ سکورنگ یا محدود جغرافیائی و سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ کوسوو نے کئی برسوں کی نسلی کشیدگی کے بعد فروری 2008 میں سربیا سے آزادی کا اعلان کیا تھا، تاہم سربیا نے اس اعلان کو تسلیم نہیں کیا۔ اس کے بعد سے یورپی یونین مختلف مسائل کے حل کے لیے دونوں فریقین کے درمیان مذاکرات میں سہولت کاری کر رہی ہے۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ ہمارا پختہ یقین ہے کہ یورپی یونین کی سہولت کاری میں ہونے والے مذاکرات میں تسلسل اور بامعنی شرکت نیز بلغراد اور پرسٹینا کے حکام کے درمیان طے پانے والے تمام معاہدوں اور مفاہمتوں پر خلوصِ نیت سے عمل درآمد ہی مسائل پر قابو پانے اور خطے میں دیرپا امن واستحکام یقینی بنانے کا واحد قابل عمل راستہ ہے اس سلسلے میں آگے بڑھنے کے لیے دونوں فریقین کے درمیان اعتماد سازی لازمی عنصر ہے۔ پاکستانی مندوب نے کوسوو میں مختلف برادریوں کے درمیان ہم آہنگی، بقائے باہمی اور رواداری کے فروغ کے لیے اقوام متحدہ کے عبوری انتظامی مشن کی کوششوں کی بھی حمایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے سربیا اور کوسوو دونوں کے ساتھ دوستانہ تعلقات ہیں اور پاکستان پرامن، مستحکم اور خوشحال بالقان خطے کی حمایت کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم دونوں فریقین کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ پرامن بقائے باہمی، باہمی احترام اور ایک دوسرے کے حساس معاملات کو سمجھنے کے جذبے کے تحت مل کر کام کریں اور خطے کے تمام عوام کے سماجی اور معاشی حقوق کا تحفظ یقینی بنائیں۔

بقیہ 25

پروگرام کے تحت مستحق خاندانوں کو مالی معاونت کی فراہمی، مستحق خواتین کے لیے سہولیات میں بہتری اور پروگرام کے جاری اقدامات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مستحق خواتین تک مالی امداد کی شفاف اور آسان فراہمی، ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے ادائیگیوں کے نظام اور مستحق خاندانوں کی فلاح و بہبود کے لیے جاری کوششوں کی اہمیت پر بھی گفتگو کی گئی۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے مستحق خاندانوں کی معاونت اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پروگرام کے کردار کو اجاگر کیا۔

بقیہ 26

مواد کو نظرانداز کرنے کے بجائے اس کی ذمہ دارانہ رپورٹنگ یقینی بنائیں۔ ترجمان کے مطابق ایسا مواد صارفین کی ذاتی رازداری اور تحفظ کے لیے شدید خطرہ ثابت ہوسکتا ہے، اس لیے اس کے تدارک کے لیے بروقت اقدامات ناگزیر ہیں۔ ترجمان پی ٹی اے نے واضح کیا ہے کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جعلی پروفائلز، نقالی، ہراسانی اور غیر اخلاقی مواد کے تدارک کے لیے صارفین متعلقہ پلیٹ فارم کے بلٹ ان رپورٹنگ ٹولز کا استعمال کریں۔ اس کے علاوہ آن لائن بلیک میلنگ، ہراسانی، سائبر اسٹاکنگ اور ڈیجیٹل فراڈ جیسے سنگین جرائم کے خلاف کارروائی کے لیے شہری نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کی ہیلپ لائن 1799 یا ان کے ویب پورٹل complaint.nccia.gov.pk کے ذریعے رجوع کر سکتے ہیں۔ دوسری جانب جعلی یا فراڈ کالز، مشکوک پیغامات اور موبائل آپریٹرز کی خدمات سے جڑے مسائل کے حل کے لیے پی ٹی اے کے کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم complaint.pta.gov.pk پر شکایات درج کرائی جا سکتی ہیں۔ ترجمان نے شہریوں کو خصوصی ہدایت کی ہے کہ کسی بھی فورم پر شکایت درج کروانے سے قبل مواد کے متعلقہ لنکس، اسکرین شاٹس اور دیگر شواہد لازما اپنے پاس محفوظ کر لیں، جبکہ ایسے مواد کو دوسروں کے ساتھ شیئر کرنے یا آگے پھیلانے سے مکمل گریز کریں۔ ترجمان نے کہا کہ شہریوں کی جانب سے بروقت اور ذمہ دارانہ رپورٹنگ ہی ملک میں ایک محفوظ ڈیجیٹل ماحول کی تشکیل کو ممکن بنا سکتی ہے۔

بقیہ 27

اقتصادی ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کا اہم موقع میسر آیا ہے، گزشتہ چند برسوں کے دوران مستحکم معاشی پالیسیوں نے معیشت کو استحکام دینے اور ترقی کا تسلسل برقرار رکھنے میں مدد دی تاہم مشرق وسطی کے تنازع کے اثرات بھی معیشت پر مرتب ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ مالی سال 2026 میں حقیقی مجموعی قومی پیداوار کی شرح نمو بڑھ کر 3.7 فیصد ہوگئی جو مالی سال 2025 میں 3.2 فیصد تھی، محصولات میں اضافے اور اخراجات پر قابو پانے کے اقدامات کے نتیجے میں بنیادی مالیاتی سرپلس مالی سال 2026 میں جی ڈی پی کے ریکارڈ 2.9 فیصد تک پہنچ گیا، ترسیلات زر میں اضافے سے زرمبادلہ کے ذخائر دوبارہ بڑھانے میں مدد ملی۔ رپورٹ کے مطابق ان معاشی بہتریوں کے اعتراف میں کریڈٹ ریٹنگ کے کے دو بڑے اداروں ایس اینڈ پی اور موڈیز نے پاکستان کی درجہ بندی بہتر کی جبکہ 3 ارب ڈالر کے یورو بانڈز کے اجرا سے پاکستان کی عالمی ڈیبٹ مارکیٹ میں واپسی ممکن ہوئی۔

بقیہ 28

کارا ور سی ایس ایس امتحان میں حاصل کردہ میرٹ کی بنیاد پر طے شدہ سنیارٹی کو بعد میں ختم نہیں کیا جا سکتا۔ محکمہ ریلوے کی جانب سے پرانی سنیارٹی فہرستوں میں ردوبدل اور ان تبدیلیوں کا ماضی سے اطلاق غیر قانونی ہے۔ فیصلے کے مطابق محکمہ ریلوے کئی دہائیوں سے افسران کی سنیارٹی سی ایس ایس امتحان میں حاصل کردہ میرٹ کی بنیاد پر طے کرتا آ رہا تھا۔ تاہم محکمے نے 27 اگست 2014 کو نظر ثانی شدہ سنیارٹی فہرست جاری کی، جسے سروس ٹریبونل اور سپریم کورٹ نے کالعدم قرار دے دیا تھا۔ بعد ازاں محکمہ ریلوے نے 29 جون 2022 اور 20 مارچ 2023 کو سی ایس ایس امتحان کے میرٹ کی بنیاد پر عارضی سنیارٹی فہرستیں جاری کیں۔

بقیہ 29

جمہوریہ کوریا کے سفیر ہان سنگ ہو اور سفارتی کور کے ارکان بھی شریک ہوئے۔ تقریب میں پاکستان اور جمہوریہ کوریا کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات اور بڑھتی ہوئی شراکت داری کو اجاگر کیا گیا، جو باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور امن، استحکام وخوشحالی کے فروغ کے عزم پر مبنی ہے۔ اس موقع پر بیرسٹر عقیل ملک نے پاکستان اور جمہوریہ کوریا کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا، خصوصاً اقتصادی تعاون، تجارت، سرمایہ کاری اور ادارہ جاتی روابط کے فروغ کے حوالے سے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان مسلسل رابطے اور تعاون مختلف شعبوں میں باہمی مفاد کے نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ وزیر مملکت نے اس موقع پر حکومت اور عوام جمہوریہ کوریا کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی اور دوستانہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 30

پیروی اور قانونی کارروائیوں کو منطقی انجام تک پہنچانے کے عمل کو مزید بہتر بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ادھر ڈی جی این سی سی آئی اے کی زیر صدارت تمام ایڈیشنل ڈائریکٹرز کے ساتھ آن لائن اجلاس بھی منعقد ہوا، جس میں ادارے کے آپریشنل امور، فیلڈ میں جاری کارروائیوں کی پیش رفت اور سائبر جرائم کے خلاف کئے گئے اقدامات کو مزید موثر اور ٹھوس بنانے کی حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ علاوہ ازیں ڈی جی این سی سی آئی اے نے آئی ٹی ٹیم کے ساتھ بھی خصوصی اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں ادارے کے ڈیجیٹل سسٹم کو اپ گریڈ کرنے، تکنیکی صلاحیتوں کو دورِ حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے اور سائبر نیٹ ورکس کے خلاف ڈیجیٹل ایکشن کو تیز بنانے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 31

چین کے تجربے اور ٹیکنالوجی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اس سے استفادہ کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے تجربات، وسائل اور روایتی طبی علم کا تبادلہ کرنے کا بھی خواہاں ہے۔ جاناکا کنا ک نیٹ کے مطابق یہ بات انہوں نے حال ہی میں بیجنگ میں منعقدہ شنگھائی تعاون تنظیم کے روایتی ادویات کے صنعتی اتحاد اور اسلامی تعاون تنظیم کی قائمہ کمیٹی برائے سائنسی وتکنیکی تعاون کے درمیان روایتی ادویات کی صنعت کے فروغ سے متعلق سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

بقیہ 32

کو محفوظ بنانے کے لیے سخت ایکسس مینجمنٹ نافذ کریں۔ سسٹم کے تسلسل اور محفوظ آپریٹنگ کو یقینی بنانے کے لیے غیر مجاز رسائی کی روک تھام بنیادی تقاضا ہے۔ سائبر سکیورٹی سے آگاہی کے عالمی ماہ) سائبر منتھ (2026 کے موقع پر نیشنل کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم) نیشنل سرٹ (نے ہدایات میں واضح کیا گیا ہے کہ اہم سسٹمز تک صرف مجاز اور تصدیق شدہ صارفین کو ہی رسائی دی جائے اور جن افراد کو ضرورت نہ ہو ان کا داخلہ فوری طور پر بلاک کر دیا جائے۔ اس کے علاوہ کم سے کم مراعات کے اصول پر عمل کرتے ہوئے ملازمین یا صارفین کو صرف اتنی ہی رسائی دی جائے جو ان کے کام کے لیے ناگزیر ہو، تاکہ غیر ضروری اجازت کے غلط استعمال کو روکا جاسکے۔ ایڈوائزری میں مزید کہا گیا ہے کہ سسٹم تک رسائی کی مسلسل نگرانی اور پرمیشنز کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے اور جن اکاؤنٹس یا صارفین کو مزید رسائی درکار نہ ہو، ان کے اختیارات فوری منسوخ کیے جائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ صارفین کی مستند تصدیق کے لیے مضبوط پاس ورڈز اور ملٹی فیکٹر آتھینٹیکیشن (ایم ایف اے) کے لازمی نفاذ پر زور دیا گیا ہے تاکہ "درست صارف، درست رسائی اور درست وقت کے اصول کے تحت ڈیجیٹل سسٹمز کو ہر قسم کے سائبر خطرات سے محفوظ رکھا جاسکے۔

بقیہ 33

تاہم اطلاعات ہیں کہ درآمدات کے باوجود ٹرمینلز سے ایل پی جی باقاعدگی سے نہیں اٹھائی جا رہی۔ خط کے مطابق اس صورتحال کے باعث ممکنہ ذخیرہ اندوزی ہو رہی ہے جس کے نتیجے میں مقامی مارکیٹ میں ایل پی جی کی مصنوعی قلت اور قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ پٹرولیم ڈویژن نے اوگرا کو ہدایت کی کہ ذخیرہ اندوزی کی روک تھام کیلئے مناسب اقدامات کیے جائیں جبکہ درآمدی ٹرمینلز سے ایل پی جی کی باقاعدہ ترسیل اور طلب والے مراکز تک فراہمی یقینی بنائی جائے۔ خط میں کہا گیا کہ اوگرا اس حوالے سے ضروری قانونی وانتظامی کارروائی شروع کرے تاکہ صارفین کو ایل پی جی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ پٹرولیم ڈویژن کے مطابق پہاڑی، دور دراز اور قومی گرڈ سے منسلک نہ ہونے والے علاقوں میں صارفین ایل پی جی پر بہت زیادہ انحصار کرتے ہیں، اس لیے ایل پی جی کی مصنوعی قلت اور قیمتوں میں اضافے کی روک تھام ضروری ہے۔

بقیہ 34

میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی افواج کے مظالم، انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں، ریاستی جبر اور گمنام قبروں کی دریافت بھارتی جمہوریت اور سیکولرازم کے دعوں پر سوالیہ نشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام پاکستان کے عوام، پاک فوج اور قومی سلامتی کے اداروں کے شکرگزار ہیں، جنہوں نے مسئلہ کشمیر کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھا ہے۔

بقیہ 35

روک تھام کے لیے قانونی طور پر پابند معاہدہ پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہوگیا ہے۔ یہ بات پاکستانی مندوب ہشام احمد نے تخفیف اسلحہ اور بین الاقوامی سلامتی سے متعلق اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی فرسٹ کمیٹی کے موضوعاتی مباحثے سے خطاب میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ایک ایسے جامع طریقہ کار پر عمل درآمد کرنا چاہیے جو آنے والی نسلوں کے لیے بیرونی خلا کو تنازعات سے پاک رکھنے میں مدد دے۔

بقیہ 36

ملکی طلب کے مطابق ایل پی جی درآمد کی جا رہی ہے تاہم اطلاعات ہیں کہ درآمدات کے باوجود ٹرمینلز سے ایل پی جی باقاعدگی سے نہیں اٹھائی جا رہی۔ خط کے مطابق اس صورتحال کے باعث ممکنہ ذخیرہ اندوزی ہو رہی ہے جس کے نتیجے میں مقامی مارکیٹ میں ایل پی جی کی مصنوعی قلت اور قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ پٹرولیم ڈویژن نے اوگرا کو ہدایت کی ہے کہ ذخیرہ اندوزی کی روک تھام کیلئے مناسب اقدامات کیے جائیں جبکہ درآمدی ٹرمینلز سے ایل پی جی کی باقاعدہ ترسیل اور طلب والے مراکز تک فراہمی یقینی بنائی جائے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ اوگرا اس حوالے سے ضروری قانونی وانتظامی کارروائی شروع کرے تاکہ صارفین کو ایل پی جی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ پٹرولیم ڈویژن کے مطابق پہاڑی، دور دراز اور قومی گرڈ سے منسلک نہ ہونے والے علاقوں میں صارفین ایل پی جی پر بہت زیادہ انحصار کرتے ہیں، اس لیے ایل پی جی کی مصنوعی قلت اور قیمتوں میں اضافے کی روک تھام ضروری ہے۔

بقیہ 37

حیات کا تحفظ یقینی بنانا اور آبی وسائل کو پائیدار بنیادوں پر ترقی دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دریائے نیلم قدرتی حسن کے ساتھ ساتھ آبی حیات کے حوالے سے بھی منفرد اہمیت رکھتا ہے۔ یہاں پائی جانے والی ٹراؤٹ مچھلی ماحولیاتی توازن برقرار رکھنے کے علاوہ سیاحت کے فروغ، مقامی معیشت کی بہتری اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ وزیر جنگلات نے کہا کہ مچھلی آبی ماحولیاتی نظام کا اہم جزو ہے، جبکہ دریاں، ندی نالوں میں آبی حیات کی افزائش قدرتی وسائل کے تحفظ اور ماحولیاتی توازن کے لیے ضروری ہے۔ ٹراؤٹ مچھلی کی ہیچریوں میں افزائش اور اس کے بچوں کو موزوں آبی مقامات پر چھوڑنے سے مچھلی کی تعداد میں اضافے اور قدرتی مسکن کے تحفظ میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ دریاں میں آلودگی کی روک تھام، مچھلی کے غیر قانونی شکار کی حوصلہ شکنی اور آبی حیات کے قدرتی مسکن کی حفاظت کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ آبی وسائل کا تحفظ صرف سرکاری اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ عوام کو بھی اس قومی مقصد کے حصول کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ وزیر جنگلات نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ٹراؤٹ مچھلی کی افزائش کے لیے جاری اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے اور آبی حیات کے تحفظ سے متعلق عوامی شعور اجاگر کیا جائے، تاکہ ضلع نیلم کے قدرتی آبی وسائل کو آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ بنایا جا سکے۔

بقیہ 38

پر الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ وہ بانی پی ٹی آئی اور سیاسی کمیٹی کی اجازت کے بغیر صوبائی صدر یا آئندہ وزیر اعلی کا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی نے گورنر راج کی راہ ہموار کی ہے تو اس حوالے سے شواہد سامنے لائے جائیں، اسی طرح اگر علی اصغر خان کو قائم مقام صدر مقرر کیا گیا ہے تو اس کا باضابطہ نوٹی فلیشن بھی پیش کیا جائے۔ علی امین گنڈا پور نے سوال اٹھایا کہ اگر خیبر پختونخوا کی پارلیمانی پارٹی مشاورت کے ذریعے موجودہ بحران کا آئینی اور سیاسی حل تلاش کرنا چاہتی ہے تو منتخب نمائندوں کو غدار، سازشی یا غیر جمہوری قرار دینے کا اختیار چند افراد کو کس نے دیا ہے؟

بقیہ 39

شخصیات، چیف ایگزیکٹوز اور سفارتکاروں نے شرکت کی۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ پاکستان کو چین کے معاشی ترقی کے تجربے سے استفادہ کرنا چاہیے جس نے تین دہائیوں تک مسلسل دوہرے ہندسے کی معاشی ترقی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، معدنیات، توانائی، مینوفیکچرنگ اور سیاحت سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ کا بنیادی مقصد سرمایہ کاروں کو ضروری سہولیات فراہم کرنا اور کاروباری سرگرمیوں کی راہ میں حائل غیر ضروری رکاوٹوں کو دور کرنا ہے، سرمایہ کاروں کا اعتماد برقرار رکھنے کے لیے پالیسیوں میں تسلسل، بروقت فیصلوں اور واضح حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان میں کاروبار شروع کرنے، موجودہ کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے اقدامات کر رہی ہے، معاشی ترقی کا حصول صرف حکومت کے لیے ممکن نہیں بلکہ اس عمل میں نجی شعبے کا کردار مرکزی اہمیت رکھتا ہے۔ قیصر احمد شیخ نے حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان مسلسل مکالمے اور مضبوط شراکت داری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے پاس باصلاحیت نوجوان افرادی قوت، وسیع مقامی منڈی، قدرتی وسائل اور تزویراتی محل وقوع جیسے اہم وسائل موجود ہیں جنہیں موثر حکمت عملی کے ذریعے معاشی ترقی کے لیے بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی بھی زرمبادلہ کی ترسیلات کے علاوہ سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی اور عالمی کاروباری روابط کے ذریعے ملکی معیشت کے استحکام اور ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مشکل معاشی حالات میں پائیدار ترقی اور استحکام کے حصول کے لیے طویل المدتی سوچ، باہمی تعاون اور حکومت ونجی شعبے کے درمیان موثر شراکت داری ناگزیر ہے۔

بقیہ 40

اہم کردار ادا کر سکتی ہے، پارلیمانی وفود کے تبادلوں، دوستی گروپس اور قائمہ کمیٹیوں کے ذریعے دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ادویہ، ٹیکسٹائل، چاول، سیمنٹ، گوشت، پھلوں اور سبزیوں کی مالدیپ کی منڈیوں تک رسائی بڑھانے کے وسیع امکانات موجود ہیں، تعلیم، صحت، نوجوانوں کی ترقی اور انسانی وسائل کے شعبوں میں تعاون بھی دونوں ممالک کے لیے سودمند ثابت ہوسکتا ہے۔

بقیہ 41

علاوہ سکھر، کراچی، لاہور اور راولپنڈی سمیت تمام شہروں میں تجاوزات کے خلاف کارروائی جاری ہے، ریلوے کی دولاکھ ایکڑ زمین واگزار کرائی گئی ہے، سرکاری و نجی شعبوں سے ریلوے کی تمام اراضی واگزار کرائیں گے۔ ا

بقیہ 42

کی محبت شہید ذوالفقار علی بھٹو اور اپنے پیارے بیٹوں شاہنواز اور میر مرتضی کو کھو دیا لیکن گہرے رنج وغم کے باوجود نہ اپنی عزت ووقار پر کوئی سمجھوتہ کیا اور نہ ہی پاکستان کے عوام سے اپنی وابستگی ترک کی، ان کا دکھ ذاتی تھا مگر ان کی بہادری پاکستان کے عوام کے لیے تھی، پاکستان کی ماؤں سے مخاطب ہوتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ ہر ماں اپنی اولاد کے لیے دی جانے والی قربانیوں اور ان کے بہتر مستقبل کے لیے خاموشی سے اٹھائے جانے والے بوجھ کو سمجھتی ہے، بیگم نصرت بھٹو کی زندگی ہمیں ماں کے دل کی غیر معمولی طاقت اور اس حقیقت کی یاد دلاتی ہے کہ کس طرح محبت گہرے سے گہرے صدمے کو بھی برداشت کر سکتی ہے۔

بقیہ 43

آج پی ٹی آئی اقتدار میں نہیں ہے تب بھی حسب معمول ان کی جیبیں بھر رہی ہیں، اس پوری جماعت کو انہی یوٹیوبرز نے برباد کر کے رکھ دیا ہے۔

بقیہ 44

اس حقیقت کی گواہ ہے کہ اصولوں کی خاطر دی جانے والی قربانیاں بھی رائیگاں نہیں جاتیں اور جمہوریت کی جدوجہد نسل در نسل آگے بڑھتی رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مادر جمہوریت کی جدوجہد اور قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا حقیقی تقاضا یہ ہے کہ جمہوریت، آئین کی بالادستی، عوامی حقوق اور مساوات کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے اور ان کے جمہوری مشن کو آگے بڑھایا جائے۔

بقیہ 45

حصول میں نمایاں پیش رفت کی ہے، پالیسی ریٹ اور مہنگائی میں کمی آئی ہے، جی ڈی پی کی شرح نمو میں بتدریج بہتری آئی ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوا ہے، عالمی معاشی صورتحال اور ایندھن کی قیمتوں و رسد سے متعلق دباو کے باوجود یہ مثبت پیش رفت اہم ہے۔

بقیہ 46

گیا۔ اجلاس میں وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی، وزارت تجارت کے سینئر حکام اور متعلقہ وزارتوں اور محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی جبکہ سرکردہ برآمد کنندگان نے بالمشافہ اور آن لائن شرکت کی، توانائی کی لاگت، ٹیکسوں، مالی معاونت، ضابطہ جاتی طریقہ کار، برآمدی سہولیات اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی سمیت اہم امور زیر بحث آئے۔

بقیہ 47

اسٹرائیک آپریشن کے دوران بہادری اور پیشہ ورانہ عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا اور فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ ڈی ایس پی (سی ٹی ڈی) عمران الدین خان، ایس آئی افضل اعوان، ڈی ایس پی سی ٹی ڈی کے گن مین کاظم اور بم ڈسپوزل یونٹ کے اہلکار امجد نے جام شہادت نوش کیا۔

بقیہ 48

اسمبلی ہمارا فخر اور پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں، گزشتہ دو سال میں انہوں نے جس ثابت قدمی سے عمران خان صاحب کا ساتھ دیا، قربانیاں دیں اور مشکل ترین حالات میں پارٹی کو زندہ رکھا، وہ پوری دنیا کے سامنے ہے، ہر جلسے، ہر ریلی اور ہر مارچ میں خیبر پختونخوا کے اراکین اسمبلی نے قائدانہ کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام اراکین عمران خان، ان کے نظریے اور ان کی جدوجہد کے ساتھ پہلے سے زیادہ مضبوطی سے کھڑے ہیں۔ انہیں عمران خان کا مکمل اعتماد حاصل ہے۔ پارٹی کا کوئی بھی رکن اسمبلی خان صاحب کی ہدایات سے انحراف کا سوچ بھی نہیں سکتا۔ ہم ان کی قربانیوں اور خدمات کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔

بقیہ 49

تربیتی پروگرام کے پہلے بیچ کی تکمیل پر منعقدہ تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کر رہے تھے۔ یہ تربیتی پروگرام پاکستان آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس اکیڈمی نے پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پی پی آر اے) کے اشتراک سے منعقد کیا۔ پاکستان آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس اکیڈمی (پی اے اے)، اسلام آباد کی جانب سے منعقدہ اس تربیتی پروگرام میں پی پی آر اے کے ماہرین نے تکنیکی سیشنز پیش کیے۔

بقیہ 50

پروگرام کے تحت مستحق خاندانوں کو مالی معاونت کی فراہمی، مستحق خواتین کے لیے سہولیات میں بہتری اور پروگرام کے جاری اقدامات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مستحق خواتین تک مالی امداد کی شفاف اور آسان فراہمی، ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے ادائیگیوں کے نظام اور مستحق خاندانوں کی فلاح و بہبود کے لیے جاری کوششوں کی اہمیت پر بھی گفتگو کی گئی۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے مستحق خاندانوں کی معاونت اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پروگرام کے کردار کو اجاگر کیا۔

بقیہ 51

میر وائس اور پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی سمیت ہزاروں کھلاڑیوں اور شائقین شریک تھے۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج ہم ایک ایسے یادگار سلسلے کا آغاز کر رہے ہیں جو نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھار اور تخلیقی توانائیوں کو جلا بخشتا ہے۔ یہ شاندار اسپورٹس فیسٹیول اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ ہماری یونیورسٹیوں کا مقصد صرف روایتی ڈگریاں دینا نہیں بلکہ ایسی باشعور، خوداعتماد اور ذمہ دار نسل تیار کرنا ہے جو مستقبل قریب کی قیادت سنبھال سکے۔

بقیہ 52

سفری ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے پروازوں کی پیشگی تصدیق اور متبادل سفری انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ترجمان نے زائرین کو ہدایت کی کہ روانگی سے قبل ایران یا عراق کے لیے یا دونوں ممالک کے درمیان سفر سے قبل اپنی متعلقہ پروازوں بالخصوص ایرانی پروازوں کی تصدیق ضرور کریں۔

بقیہ 53

منعقدہ تعزیتی ریفرنس میں صحافتی تنظیموں کے اتحاد، صحافیوں کے حقوق کے تحفظ، فلاح و بہبود اور مرحوم صحافیوں کے اہل خانہ کی معاونت کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اپنانے پر زور دیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ صحافیوں کے مسائل کے حل کے لیے تمام یونینز کو اختلافات بالائے طاق رکھتے ہوئے ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا ہوگا، کیونکہ تقسیم شدہ آواز صحافتی برادری کو کمزور کرتی ہے، حافظ طاہر خلیل نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے آزادی اظہار رائے کیلئے خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اظہار رائے پر پابندی کے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا تھا تاہم انکی وفات کے ایک ہفتے کے اندر اندر اس ایکٹ کو نافذ کر دیا گیا تھا، انہوں نے نثار عثمانی، حافظ عبدالخالق، سی آر شمسی، فرخ سعید خواجہ، ناصر بخاری، عدیل سرور، راجہ حنیف، مظہر شیخ سمیت دیگر سینئر صحافیوں کی صحافت کیلئے خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا، ریفرنس میں پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس دستور کے صدر حاجی نواز رضا، نیشنل پریس کلب کے صدر عبدالرزاق سیال، سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راو، حافظ طاہر خلیل، ڈاکٹر سعدیہ کمال، طارق عثمانی، آر آئی یو جے دستور کے صدر رانا کوثر علی، جوائنٹ سیکرٹری چوہدری جاوید بھاگٹ، این این آئی کے چیف ایڈیٹر عمار یاسر، حافظ عبدالماجد، سلطان احمد شیخ، ڈاکٹر عبدالودود قریشی، صدیق انظر، طارق ندیم سمیت دیگر صحافیوں نے شرکت کی اور مرحوم صحافیوں کی پیشہ ورانہ خدمات، جدوجہد اور صحافتی برادری کے لیے ان کی قربانیوں کو یاد کیا۔ حاجی نواز رضا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مرحوم صحافیوں کی خدمات کو یاد رکھنے، ان کے اہل خانہ کی معاونت، سینئر صحافیوں کی پذیرائی اور صحافتی برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششوں کو فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ صحافیوں کا اتحاد ہی ان کے حقوق کے موثر تحفظ اور پیشہ ورانہ مسائل کے حل کی بنیاد بن سکتا ہے۔ نیشنل پریس کلب کے صدر عبدالرزاق سیال نے اپنے خطاب میں کہا کہ صحافتی یونینز کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ صحافیوں کے حقوق اور فلاح و بہبود کے لیے مشترکہ کوششیں کی جائیں اور یونینز اپنے دائرہ اختیار میں رہتے ہوئے صحافیوں کے مسائل کے حل کے لیے موثر کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پریس کلب صحافتی برادری کے مسائل کے حل اور مرحوم صحافیوں کی خدمات کو یاد رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ ڈاکٹر سعدیہ کمال نے اپنے خطاب میں کہا کہ صحافتی برادری کو مرحوم صحافیوں کی خدمات کو محض یاد کرنے تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ ان کی پیشہ ورانہ جدوجہد اور خدمات کا اعتراف عملی اقدامات کے ذریعے بھی کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سینئر صحافیوں، صاحب کتاب صحافیوں اور صحافت کے لیے نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کی حوصلہ افزائی کے لیے باقاعدہ ایوارڈز کا اہتمام کیا جائے۔ اس کے علاوہ مرحوم صحافیوں کے بچوں اور اہل خانہ کی مالی معاونت کے لیے ویلفیئر فنڈ قائم کرنے کی تجویز بھی پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ صحافتی تنظیموں کو متحد کرنے کی ضرورت ہے تاکہ صحافیوں کے حقوق، روزگار کے تحفظ اور دیگر مسائل پر موثر آواز اٹھائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ صحافتی قیادت سے احتساب اور جواب دہی کا مطالبہ ضرور ہونا چاہیے، تاہم ہر فرد کو اپنی ذمہ داریوں کا بھی احساس کرنا ہوگا۔ سینئر صحافی طارق عثمانی نے اپنے خطاب میں صحافتی تنظیموں کے درمیان تقسیم پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ تمام یونینز اپنی علیحدہ سرگرمیوں اور اختلافات سے بالاتر ہو کر مشترکہ ایکشن کمیٹی تشکیل دیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کے حقوق، برطرف ملازمین کی بحالی اور دیگر پیشہ ورانہ مسائل کے حل کے لیے متحد ہو کر جدوجہد کرنا ہوگی۔ محض احتجاج، تقاریر اور مذمتی بیانات کافی نہیں، بلکہ ان کے نتیجے میں عملی پیش رفت بھی ہونی چاہیے۔ رانا کوثر علی نے کہا کہ مرحوم صحافیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے مشن کو آگے بڑھانا اور مشکل وقت میں ایک دوسرے کا ساتھ دینا بھی ضروری ہے۔ صحافتی برادری کو دکھاوے اور ذاتی مفادات کی سیاست سے نکل کر اجتماعی مفاد کو ترجیح دینی چاہیے۔ مقررین نے تعزیتی ریفرنس کے انعقاد پر منتظمین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحافت صرف خبر دینے کا نام نہیں بلکہ یہ معاشرے میں ناانصافی، عدم مساوات اور عوامی مسائل کے خلاف آواز بلند کرنے کا نام ہے۔ مرحوم صحافیوں کی جدوجہد کو آگے بڑھانا زندہ صحافیوں کی ذمہ داری ہے، جس کے لیے باہمی اتحاد، عملی تعاون اور اجتماعی جدوجہد ناگزیر ہے۔

بقیہ 54

ور پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا کے صدر انجینئر امیر مقام نے کرک میں پولیس پر دہشتگردانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ یہاں جاری بیان کے مطابق انجینئر امیر مقام نے ڈی ایس پی سی ٹی ڈی عمران الدین سمیت چار اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا پولیس کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، پوری قوم پولیس شہدا کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے، شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن نے خیبرپختونخوا کے قومی اسمبلی کے حلقوں کی جزوی ازسرِنو حد بندی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

این اے 2 میں سوات کی چار باغ تحصیل اور بابوزئی کے 6 پٹوار سرکلز بھی شامل ہیں، الیکشن کمیشن

اسلام آباد(این این آئی)الیکشن کمیشن نے خیبرپختونخوا کے قومی اسمبلی کے حلقوں کی جزوی ازسرنو حدبندی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، انتظامی تبدیلیوں کے بعد سوات، کرک، ہنگو اور ڈیرہ اسماعیل خان سمیت مختلف حلقوں کی نئی تفصیلات جاری کر دی گئی ہیں۔نوٹیفکیشن کے مطابق این اے دو سوات ون میں بحرین، خوازہ خیلہ اور چار باغ سمیت بابوزئی کے چھ پٹوار سرکلز شامل ہوں گے جبکہ این اے تین سوات میں مینگورہ، بریکوٹ اور کبل کے بعض پٹوار سرکلز شامل کیے گئے ہیں۔

وفاقی آئینی عدالت نے مبینہ جعلی ڈگری کیس میں ٹیچر کو نوٹس جاری کر دیا

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی آئینی عدالت نے مبینہ جعلی ڈگری کے معاملے پر ٹیچر انصر عباس اور سابق اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل ایوب بزدار کو نوٹس جاری کر دیئے، عدالت نے یہ نوٹس محکمہ تعلیم پنجاب کی جانب سے دائر اپیل پر جاری کیے۔

ہمارے نوجوان بےپناہ صلاحیتوں کے مالک ہیں، گورنر بلوچستان

بیوٹمز یونیورسٹی اپنے طلباء وطالبات کو اپنی تخلیقی وتنقیدی صلاحیتوں کے اظہار کیلئے قابل فخر پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے، جعفرخان مندوخیل

کوئٹہ(این این آئی) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے بیوٹمز یونیورسٹی سالانہ اسپورٹس فیسٹیول کا افتتاح کیا۔ بیوٹمز یونیورسٹی چھ برس کے بعد آج ایک بار پھر بیوٹمز یونیورسٹی کے کھیل کا میدان رنگوں، ولولوں اور نوجوانوں کے جوش و خروش سے جگمگا اٹھا۔ تین ہزار سے زائد کھلاڑیوں نے چودہ مختلف کھیلوں میں شرکت کر کے افتتاحی تقریب کو ایک شاندار جشن میں بدل دیا۔ ڈھول کی تھاپ پر نوجوانوں کے روایتی رقص نے سماں باندھ دیا اور مہمانوں سمیت خاصکر شائقین کو خوشی سے جھومنے پر مجبور کر دیا۔قبل ازیں گورنر بلوچستان اور امریکہ سے آئے ہوئے مہمانان گرامی تنویر احمد اور عذیر حسن کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ سالانہ اسپورٹس فیسٹیول کی شاندار افتتاحی تقریب کے موقع پر امریکہ سے آئے ہوئے مہمانان گرامی تنویر احمد، سید عذیر حسن، صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی ڈاکٹر خالد حفیظ، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر(بقیہ 15صفحہ 3پر)

جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع، تمام مقدمات کا ریکارڈ طلب

سپریم کورٹ نے وفاق اور تمام صوبوں سے جمشید دستی کے خلاف درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا

اسلام آباد(این این آئی) سپریم کورٹ نے جعلی ڈگری کے معاملے میں فوجداری کارروائی سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع کر دی۔جسٹس ملک شہزاد احمد کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔عدالت نے وفاق اور تمام صوبوں سے جمشید دستی کے خلاف درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا۔عدالت نے ریمارکس دیے کہ جائزہ لیا جائے گا کہ آیا یہ کیس 2 رکنی بینچ سن سکتا ہے یا نہیں۔

وزیرمملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک کی جمہوریہ کوریا کے قومی دن اور یوم مسلح افواج کی تقریب میں شرکت

اسلام آباد(این این آئی)وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے جمہوریہ کوریا کے قومی دن اور یوم مسلح افواج کے موقع پر منعقدہ استقبالیہ تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، پاکستان میں(بقیہ 29صفحہ 3پر)



تربت، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ سبزی منڈی کی نئے مقام پر منتقلی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کے خیبرپختونخوا کیلئے اعلان کردہ 160 ارب کے پیکیج کا 70 فیصد ضم اضلاع، 30 فیصد باقی اضلاع پر خرچ کیا جائیگا، ثمر ہارون بلور

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس کی استعداد کار بہتر بنائی جائے گی

پشاور(این این آئی)وزیراعظم شہباز شریف نے کے پی کیلئے 160 ارب روپے کے پیکیج کا اعلان کر دیا۔مشیر اطلاعات کے پی ثمر ہارون بلور نے ایپکس کمیٹی اجلاس کے بعد ٹیلیفونک گفتگو میں بتایا کہ اجلاس خوشگوار ماحول میں منعقد ہوا، وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور دیگر حکام نے آئندہ کے لائحہ عمل پر بات کی۔ثمر ہارون بلور نے بتایا کہ 160 ارب روپے کا پیکیج 70 فیصد ضم اضلاع اور 30 فیصد باقی اضلاع پر خرچ کیا جائے گا

امیر مقام کی کرک میں پولیس پر دہشتگردانہ حملے کی شدید مذمت

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان ا(بقیہ 54صفحہ 3پر)

آزاد کشمیر حکومت کا گریس ویلی میں محکمہ جنگلات کی نرسریاں قائم کرنے کا فیصلہ

سرسبز درختوں کی کٹائی برداشت نہیں کی جائیگی، وقار احمد نور وزیر جنگلات آزاد کشمیر

نیلم (این این آئی)وزیر جنگلات، وائلڈ لائف و فشریز آزاد کشمیر کرنل (ر) وقار احمد نور نے کہا ہے کہ جنگلات کے تحفظ اور شجرکاری کے فروغ کے لیے گریس ویلی میں محکمہ جنگلات کی نرسریاں قائم کی جائیں گی، تاکہ جنگلاتی کلوژرز میں شجرکاری کے لیے مقامی سطح پر پودوں کی دستیابی یقینی بنائی جا سکے۔عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جنگلاتی کلوژرز کا تحفظ، نئے جنگلات کی افزائش اور غیرقانونی کٹائی کی روک تھام موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات (بقیہ 23صفحہ 3پر)

حریت کانفرنس کا شہدائے بیج بہاڑہ کو خراج عقیدت، حق خودارادیت کے حصول تک جدوجہد جاری رکھنے کا عزم

اسلام آباد(این این آئی)کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ نے شہدائے بیج بہاڑہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے حصول تک جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر و پاکستان شاخ کے کنوینر غلام محمد صفی کی صدارت میں منعقدہ (بقیہ 22صفحہ 3پر)

ایپکس کمیٹی کا اجلاس، وزیراعظم کی کے پی کو انسدادِ دہشتگردی کیلئے تعاون کی پیشکش

آخری دہشت گرد کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں

پشاور (این این آئی)وزیراعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت پشاور میں ایپکس کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔

مقبوضہ کشمیر کی آزادی تک جدوجہد جاری رہے گی، بھارت کا انجام سوویت یونین جیسا ہوگا، جاوید اقبال بڈھانوی

رہنما پیپلز پارٹی کا یوم تاسیس آزاد کشمیر پر شہدا اور غازیوں کو خراج عقیدت، حق خودارادیت کیلئے سیاسی وسفارتی جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

نکیال(این این آئی)سابق وزیر خوراک اور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما جاوید اقبال بڈھانوی نے کہا ہے کہ مقبوضہ جموں وکشمیر کی آزادی اور کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کے حصول تک جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں ظلم و جبر کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، تاہم اگر اس نے اپنے مظالم بند نہ کیے تو اس کا انجام بھی سوویت یونین جیسا ہوسکتا ہے۔

وزیراعظم کا خیبرپختونخوا میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے 160 ارب روپے فراہم کرنے کا اعلان

صوبے میں گندم کی قلت دور کرنے کیلئے وفاق ہر ممکن تعاون کرے گا

پشاور(این این آئی)وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خیبرپختونخوا میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے 160 ارب روپے فراہم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کے وسائل کا ایک ایک پیسہ ترقی اور خوشحالی پر خرچ کیا جائے گا، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کیلئے رکاوٹیں فوری دور کی جائیں گی، قبائلی عمائدین نے ہمیشہ ڈنکے کی چوٹ پر پاکستان کا ساتھ دیا ہے، دہشتگردی کے خلاف قبائلی عوام نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔

سپریم کورٹ، ریلوے افسران کی سنیارٹی سے متعلق فیڈرل سروس ٹریبونل کا فیصلہ کالعدم

پروبیشن مکمل کرنے والے ریلوے افسران کی سنیارٹی تبدیل نہیں کی جاسکتی، ریمارکس

اسلام آباد(این یان آئی)سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ سروس رولز 1990 کا اطلاق صرف ملازمت کے ابتدائی پروبیشنری مرحلے تک محدود ہے اور پروبیشن مکمل کر کے باقاعدہ ملازمت حاصل کرنے والے افسران کی سنیارٹی ان قواعد کی بنیاد پر تبدیل نہیں کی جاسکتی۔عدالت نے ریلوے افسران کی سنیارٹی سے متعلق فیڈرل سروس ٹریبونل کا 19 ستمبر 2025 کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا ہے۔جسٹس عائشہ اے ملک نے تحریری فیصلے میں کہا کہ دہائیوں سے رائج محکمانہ طریق(بقیہ 28صفحہ 3پر)

ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر تیز رفتار عمل سے پاکستان کی فی کس آمدنی 2050 تک 3 گنا ہوسکتی ہے، ورلڈ بینک

پاکستان نے معاشی استحکام بحال کرنے میں حقیقی پیش رفت کی ہے

اسلام آباد(این این آئی)عالمی بینک گروپ نے کہا ہے کہ ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر تیز رفتار عملدرآمد کے ذریعے پاکستان کی فی کس آمدنی 2050 تک تین گنا ہوسکتی ہے، پاکستان نے معاشی استحکام بحال کرنے میں حقیقی پیش رفت کی ہے، معاشی اشاریوں میں بہتری آئی ہے۔یہ بات عالمی بینک کی جانب سے جمعرات کو جاری پاکستان ڈویلپمنٹ اپ ڈیٹ رپورٹ میں کہی گئی ۔رپورٹ کے مطابق معاشی استحکام کے حصول میں پیش رفت کے بعد پاکستان کو تیز رفتار اور پائیدار (بقیہ 27صفحہ 3پر)

اکتوبر کے دوران اب تک قطر سے ایل این جی کے دو کارگوز پاکستان پہنچ چکے ہیں، وزارت توانائی

مہنگی ایل این جی سے بچنے کی کوشش، قطر سے پاکستان کو بڑی سپلائی مل گئی

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان کو قطر سے اکتوبر کا دوسرا ایل این جی کارگو موصول ہوگیا جس سے ملک کے گیس سسٹم کو فراہمی بھی شروع کر دی گئی ہے، حکام مہنگی اسپاٹ مارکیٹ سے گیس خریدنے کے بجائے معاہدے کے تحت سپلائی پر انحصار بڑھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔وزارت توانائی کے ذرائع کے مطابق اکتوبر کے دوران اب تک قطر سے ایل این جی کے دو کارگوز پاکستان پہنچ چکے ہیں۔میڈیا رپورٹ کے مطابق حکام کی کوشش ہے کہ اضافی ضرورت کے لیے عالمی اسپاٹ مارکیٹ سے مہنگی گیس خریدنے سے حتی الامکان گریز کیا جائے تا کہ قومی خزانے پر مالی بوجھ کم رکھا جاسکے۔ذرائع کے مطابق قطر کے ساتھ معاہدے کے تحت حاصل ہونے والی ایل این جی کی قیمت تقریبا 14 سے 15 ڈالر فی ملین برٹش تھرمل یونٹ (ایم ایم بی ٹی یو) ہے جبکہ اسپاٹ مارکیٹ میں یہی قیمت 30 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو تک پہنچ رہی ہے۔

کشمیری عوام کو حق خودارادیت دیا جائے، اقوام متحدہ مسئلہ کشمیر کے حل میں کردار ادا کرے، فوزیہ حبیب

27 اکتوبر کو یوم سیاہ منایا جائے گا، ریاست بھر میں احتجاجی ریلیاں نکالی جائیں گی، نائب صدر پیپلز پارٹی خواتین ونگ

مظفرآباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر خواتین ونگ کی نائب صدر فوزیہ حبیب نے کہا ہے کہ کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا آزادانہ حق دیا جائے اور اقوام متحدہ کشمیریوں کو حق خودارادیت دلانے کے لیے اپنا موثر کردار ادا کرے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام مسئلہ کشمیر کا منصفانہ، پائیدار اور قابل قبول حل چاہتے ہیں، جبکہ ان کی جدوجہد سیاسی، بنیادی اور انسانی حقوق کے حصول کے لیے جاری ہے۔مسئلہ کشمیر ایک دیرینہ تنازع ہے، جس کے حل کیلئے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔



کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری پولیو اور ای پی آئی پروگرام کی کارکردگی کے حوالے سے ڈویژنل ٹاسک فورس کے آن لائن جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آڈیٹر جنرل پاکستان کا شفاف طرزِ حکمرانی کے لیے ڈیجیٹل پروکیورمنٹ کی اہمیت پر زور

سرکاری افسران کو یقینی بنانا چاہیے کہ عوامی پیسے کو ذمہ داری اور دیانت داری کے ساتھ خرچ کیا جائے، مقبول احمد گوندل

اسلام آباد(این این آئی) آڈیٹر جنرل پاکستان مقبول احمد گوندل نے شفافیت کو فروغ دینے اور مالی بے ضابطگیوں کی روک تھام کے لیے سرکاری خریداری کے عمل کو ڈیجیٹلائز کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری افسران کو یقینی بنانا چاہیے کہ عوامی پیسے کو ذمہ داری اور دیانت داری کے ساتھ خرچ کیا جائے۔وہ آڈٹ ہاؤس اسلام آباد میں پبلک پروکیورمنٹ رولز اور ای پی اے ڈی ایس 2.0 (EPADS 2.0) کے موضوع پر منعقدہ (بقیہ 49صفحہ 3پر)

وزیراعظم یوتھ پروگرام اور فزیشنز ریونیو گروپ، پاکستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی)وزیراعظم یوتھ پروگرام اور فزیشنز ریونیو گروپ، پاکستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے۔ اس شراکت داری کا مقصد امریکہ میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کا سیکرٹریٹ برائے تعاونِ صحت کی خدمات، قائم کرنا ہے۔

جنید اکبر کی غیر موجودگی میں اجلاسوں کی صدارت نورالحق قادری کریں گے، بیرسٹر گوہر

اراکین کو اپنی ہی جماعت کے معاملات پر حقائق کی تصدیق کے بغیر فوری ردِعمل دینے میں احتیاط کرنی چاہیے، چیئرمین پی ٹی آئی

پشاور (این این آئی)چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ جنیدا کبر کی غیر موجودگی میں پارٹی آئین کے مطابق صوبائی تنظیم کے اجلاسوں کی صدارت سینئر نائب صدر نورالحق قادری کریں گے جبکہ صوبائی تنظیم کے دیگر امور کی نگرانی علی اصغر کریں گے۔پارٹی کے اندرونی معاملات، خیبر پختونخوا کے اراکین اسمبلی اور صوبائی تنظیم سے متعلق پارلیمنٹ کے باہر گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اراکین اپنی ہی جماعت کے معاملات پر حقائق کی تصدیق کے بغیر فوری ردِعمل دینے میں احتیاط کرنی چاہیے، سیکرٹری جنرل کے ٹویٹ کی بنیاد بننے والی خبر درست نہیں تھی میں نے اس معاملے پر تمام متعلقہ رہنماں اور اراکین اسمبلی سے بات کی ہے۔انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا کے تمام اراکین(بقیہ 48صفحہ 3پر)

صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے جرمنی چلے گئے

گزشتہ 23 سالوں بعد کسی بھی پاکستانی سربراہ مملکت کا یہ پہلا دورہ جرمنی ہوگا

اسلام آباد(این این آئی)صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے جرمنی چلے گئے۔صدر مملکت دورہ کے دوران جرمن صدر اور اعلی حکومتی عہدیداران سے دوطرفہ تعلقات، علاقائی اور عالمی صورتحال اور معاشی وتجارتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کریں گے۔ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت یہ دورہ جرمنی کے صدر فرینک والٹر شٹائن مائر کی دعوت پر کر رہے ہیں۔صدر آصف علی زرداری کا دورہ جرمنی انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

دہشتگردی کے خلاف پاکستان اور یورپی یونین کا مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کا عزم

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان انسداد دہشتگردی مذاکرات کا اسلام آباد میں دسواں دور ہوا، جس میں دہشتگردی کے خلاف مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

غیرقانونی ونقصان دہ آن لائن مواد کو نظرانداز نہ کریں، فوری رپورٹ کریں، ترجمان پی ٹی اے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا پر غیرقانونی، نقصان دہ اور ہراساں کرنے والے(بقیہ 26صفحہ 3پر)

ایران، عراق جانے والے پاکستانی زائرین پروازوں کی پیشگی تصدیق یقینی بنائیں، ترجمان مذہبی امور

اسلام آباد(این این آئی)وزارتِ مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی نے ایران اور عراق جانے والے پاکستانی زائرین اور زیارت گروپ آرگنائزرز کیلئے اہم سفری ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے پروازوں کی پیشگی تصدیق اور متبادل سفری انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔



پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی اور رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی اسمبلی اجلاس کی اختتام پر بات چیت کر رہے ہیں

ایف بی آر نے خالی اسامیوں سمیت تمام سرکاری ملازمین کا ڈیٹا طلب کر لیا

ایف بی آر نے وفاقی سیکرٹریٹ میں سندھ کے کوٹے کے تحت خالی اسامیوں کی تفصیلات بھی مانگ لی ہیں

اسلام آباد(این این آئی)ایف بی آر نے تمام سرکاری ملازمین کا ڈیٹا 27 اکتوبر تک طلب کر لیا ہے، جس کے ساتھ خواتین اقلیتوں اور خصوصی افراد کے کوٹے کی تفصیلات بھی دینا ہوں گی اس حوالے سے ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ سرکلر کے مطابق ایف بی آر نے وفاقی سیکرٹریٹ میں سندھ کے کوٹے کے تحت خالی اسامیوں کی تفصیلات بھی مانگ لی ہیں۔ایف بی آر نے تمام متعلقہ افسران سے یکم جولائی 2026 تک کا ملازمین کا سرکاری ڈیٹا مانگا ہے

سینیٹر روبینہ خالد سے ممبران قومی اسمبلی علی قاسم گیلانی اور خورشید جونیجو کی ملاقات

اسلام آباد(این این آئی) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے ممبران قومی اسمبلی علی قاسم گیلانی اور خورشید جونیجو نے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں بینظیر انکم سپورٹ (بقیہ 25صفحہ 3پر)

ڈی جی این سی سی آئی اے کی زیر صدارت لاء افسران، ایڈیشنل ڈائریکٹرز اور آئی ٹی ٹیم سے الگ الگ اجلاس

ادارے کے ڈیجیٹل سسٹمز کو اپ گریڈ کرنے، تکنیکی صلاحیتوں کو دورِ حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے، سائبر نیٹ ورکس کے خلاف ڈیجیٹل ایکشن کو تیز بنانے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی)ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے)سید علی ناصر رضوی نے سائبر جرائم کی روک تھام، آپریشنل تیاریوں اور قانونی وتکنیکی صلاحیتوں کو مزید مستحکم بنانے کیلئے لا افسران، تمام ایڈیشنل ڈائریکٹرز اور آئی ٹی ٹیم کے ساتھ اہم مشاورتی اجلاسوں کی صدارت کی۔ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق لا افسران کے ساتھ ہونے والے اہم اجلاس میں سائبر کرائم سے متعلق قانونی امور، مقدمات کی موثر (بقیہ 30صفحہ 3پر)

کوسوو میں جاری کشیدگی علاقائی استحکام کے لیے خطرہ ہے، پاکستان

اقوام متحدہ(این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں کہا ہے کہ کوسوو میں اداروں کے قیام کے حوالے سے پیش رفت کے باوجود مختلف نسلی و سماجی (بقیہ 24صفحہ 3پر)

سی ڈی اے انفورسمنٹ آپریشن کے دوران 58 عمارتیں سیل، 25 کروڑ 5 لاکھ 90 ہزار روپے سے زائد کی ریکوری

چیئرمین سی ڈی اے کا اسلام آباد ایکسپریس وے ایسٹ پراجیکٹ کا دورہ

اسلام آباد(این این آئی) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف نے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ پراجیکٹ کا دورہ کیا اور جاری ترقیاتی کاموں کی اب تک کی پیش رفت اور معیار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کو منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق اعلیٰ تعمیراتی معیار برقرار رکھتے ہوئے مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔

سینیٹر روبینہ خالد سے ممبران قومی اسمبلی علی قاسم گیلانی اور خورشید جونیجو کی ملاقات

اسلام آباد(این این آئی) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے ممبران قومی اسمبلی علی قاسم گیلانی اور خورشید جونیجو نے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں بینظیر انکم سپورٹ (بقیہ 50صفحہ 3پر)

شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، سردار ایاز صادق

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی کرک میں پولیس فورس پر دہشتگرد حملے کی مذمت

اسلام آباد(این این آئی)سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کرک میں پولیس فورس پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے اس میں ڈی ایس پی سی ٹی ڈی عمران الدین سمیت دیگر قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔جمعرات کو اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے شہدا کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں، شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔انہوں نے اللہ تعالی سے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لئے صبرِ جمیل کی دعا بھی کی۔

5 سال میں ٹرینوں کے پٹڑی سے اترنے کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش، 2022 سے اب تک 349 واقعات کا انکشاف

پانچ سال کے دوران 13 ٹرینیں دہشتگردی، تخریب کاری کا نشانہ بنیں

اسلام آباد (این این آئی)وزارت ریلوے نے گزشتہ 5 سال کے دوران ٹرین حادثات کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کر دیں۔قومی اسمبلی میں پیش کی گئی رپورٹ کے مطابق 2022 سے اب تک ٹرینوں کے پٹڑی سے اترنے کے 349 واقعات ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔وزارت ریلوے کی جانب سے قومی اسمبلی میں جمع کرائے گئے

پاکستان روایتی ادویات شعبہ میں چینی تجربے، ٹیکنالوجی سے استفادے، وسائل، روایتی طبی علم تبادلے کا خواہاں ہے، پاکستانی سفیر

بیجنگ (این این آئی) چین میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر سید علی اسد گیلانی نے کہا ہے کہ سائنس، ٹیکنالوجی، صنعتی ترقی اور صحت کے شعبوں میں چین کی کامیابیاں قابلِ ذکر ہیں، پاکستان روایتی ادویات کے شعبے میں (بقیہ 31صفحہ 3پر)

علی امین گنڈاپور کا سلمان اکرم راجہ سے الزامات کے شواہد سامنے لانے کا مطالبہ

اگر کسی نے گورنر راج کی راہ ہموار کی ہے تو اس حوالے سے شواہد سامنے لائے جائیں، سابق وزیراعلیٰ

پشاور(این این آئی) سابق وزیراعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کے حالیہ بیان کو افسوس ناک، غیر ذمہ دارانہ اور پارٹی کے داخلی اتحاد کیلئے نقصان دہ قرار دیدیا ہے۔ایک بیان میں علی امین گنڈاپور نے کہا کہ غیر جمہوری فیصلہ سازوں اور مبینہ گروپ کی سازش کا ذکر کرنے والے پہلے واضح کریں کہ وہ کون لوگ ہیں اور کن اراکین اسمبلی (بقیہ 38صفحہ 3پر)

حساس سسٹمز کے تحفظ کے لیے سخت ایکسس کنٹرولز کا نفاذ نا گزیر ہے، نیشنل سرٹ کا انتباہ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (نیشنل سرٹ) نیا ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے حساس و اہم سسٹمز(بقیہ 32صفحہ 3پر)

نیشنل پریس کلب میں سینئر صحافیوں کی یاد میں تعزیتی ریفرنس

صحافتی یونینز کے اتحاد اور صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے مشترکہ اقدامات پر زور

اسلام آباد(این این آئی) پی ایف یو جے اور آر آئی یو جے دستور کے زیر اہتمام نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں سینئر اور مرحوم صحافیوں کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے (بقیہ 53صفحہ 3پر)

ایل پی جی کی ذخیرہ اندوزی ومصنوعی قلت، پٹرولیم ڈویژن کا اوگرا کو خط، قانونی وانتظامی کارروائی کی درخواست

اسلام آباد(این این آئی) ملک میں ایل پی جی کی ذخیرہ اندوزی اور مصنوعی قلت کے خدشے کے پیش نظر پٹرولیم ڈویژن نے اوگرا کو خط لکھ کر ضروری قانونی و انتظامی کارروائی کی درخواست کر دی۔ پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے لکھے گئے خط میں کہا گیا کہ ملکی طلب کے مطابق ایل پی جی درآمد کی جا رہی ہے(بقیہ 33صفحہ 3پر)

انکوائری میں قصور ثابت ہوئے بغیر پولیس افسر کے خلاف محکمانہ کارروائی نہیں ہوسکتی، وفاقی آئینی عدالت

اسلام آباد (این این آئی)وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ کسی سرکاری ملازم کے خلاف محکمانہ کارروائی کے لیے ٹھوس شواہد، منصفانہ انکوائری اور قانونی تقاضوں کی پابندی ضروری ہے، جبکہ ہائیکورٹ انتظامیہ کے اختیارات استعمال کرتے ہوئے کسی افسر کی تعیناتی اور محکمانہ کارروائی کے معاملات میں اس کی جگہ نہیں لے سکتی۔



گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل بیوٹمز یونیورسٹی میں فائن آرٹس کی نمائش کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں

پی ایم یوتھ پروگرام اور امریکی ادارے پی آر جی میں تاریخی معاہدہ طے

پاکستانی نوجوانوں کیلئے صحت، میڈیکل بلنگ، ہیلتھ ٹیکنالوجی شعبوں میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم یوتھ پروگرام اور امریکی ادارے پی آر جی کے مابین تاریخی مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوگئے، جس کے تحت پاکستانی نوجوانوں کیلئے صحت، میڈیکل بلنگ اور ہیلتھ ٹیکنالوجی کے شعبوں میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔اس موقع پر چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے وفد کا پرتپاک خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاک امریکا شراکت داری سے صحت کے شعبے میں روزگار کے نئے دروا ہوں گے۔



سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی فردوس شمیم نقوی نے استعفیٰ دیدیا، جو منظور نہیں کیا، بیرسٹر گوہر

فردوس شمیم نقوی 30 سال سے پی ٹی آئی سے وابستہ ہیں، ان کی پارٹی کے لیے بہت خدمات ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے بتایا ہے کہ میں نے پی ٹی آئی کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری فردوس شمیم نقوی کا استعفیٰ منظور نہیں کیا۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا ہے کہ پی ٹی آئی کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری فردوس شمیم نقوی نے اپنا استعفیٰ پیش کیا، میں نے استعفیٰ منظور کرنے سے انکار کر کے واپس کر دیا۔

بیرونی خلا میں ہتھیاروں کی دوڑ کی روک تھام کیلئے قانونی طور پر پابند معاہدہ پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہوگیا ہے، پاکستان

اقوام متحدہ (این این آئی) پاکستان نے خبردار کیا ہے کہ بیرونی خلا کو ہتھیاروں سے لیس کرنے کا معاملہ اب محض نظریاتی بحث نہیں رہا بلکہ ہتھیاروں کی عملی تنصیب کے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر بیرونی خلا میں ہتھیاروں کی دوڑ کی (بقیہ 35صفحہ 3پر)

پیپلز پارٹی کا 27 اکتوبر کو دنیا بھر میں یوم سیاہ منانے کا اعلان

مقبوضہ کشمیر پر بھارتی فوج کشی کے خلاف احتجاجی ریلیاں اور مظاہرے ہوں گے

مظفرآباد(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر نے مقبوضہ جموں وکشمیر پر بھارتی فوج کشی اور قبضے کے خلاف 27 اکتوبر کو سیز فائر لائن کے دونوں اطراف، پاکستان کے چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور دنیا بھر میں یوم سیاہ منانے کا اعلان کیا ہے۔گزشتہ روز مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات وترجمان حکومت آزاد کشمیر شوکت جاوید میر نے پریس کلب(بقیہ 34صفحہ 3پر)

پاکستان کی اقوام متحدہ میں بیرونِ ملک قتل کی کارروائیاں کرنیوالے ممالک پر تنقید، انسداد دہشت گردی کو جواز بنانے کی مذمت کا مطالبہ

اقوام متحدہ (این این آئی) پاکستان نے انسدادِ دہشت گردی کے نام پر بیرونِ ملک افراد کو ہدف بنا کر قتل کرنے کی مہمات چلانے والے ممالک کی جانب سے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان اقدامات کی مذمت کرنیکا مطالبہ کیا ہے۔

مالدیپ کے انسانی حقوق کمیشن کے وفد کی بیرسٹر عقیل ملک سے ملاقات

انسانی حقوق سے متعلق مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے دونوں ممالک کے متعلقہ اداروں کے درمیان مسلسل روابط اور تعاون ناگزیر ہے، بیرسٹر عقیل

اسلام آباد(این این آئی) مالدیپ کے انسانی حقوق کمیشن کے وفد نے وزیرِ مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک سے وزارتِ انسانی حقوق، اسلام آباد میں ملاقات کی۔ وفد کی قیادت کمشنر احمد معصوم اور سیکرٹری جنرل عائشہ شاہین حجی نے کی۔

ایران، عراق جانے والے پاکستانی زائرین پروازوں کی پیشگی تصدیق یقینی بنائیں، ترجمان مذہبی امور

اسلام آباد(این این آئی)وزارتِ مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی نے ایران اور عراق جانے والے پاکستانی زائرین اور زیارت گروپ آرگنائزرز کیلئے اہم (بقیہ 52صفحہ 3پر)

ایل پی جی کی مصنوعی قلت کا خدشہ، پٹرولیم ڈویژن کا اوگرا کو کارروائی کیلئے خط

اسلام آباد(این این آئی) ملک میں ایل پی جی کی ذخیرہ اندوزی اور مصنوعی قلت کے خدشے کے پیش نظر پٹرولیم ڈویژن نے اوگرا کو خط لکھ کر ضروری قانونی و انتظامی کارروائی کی درخواست کر دی۔ پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے لکھے گئے خط میں کہا گیا ہے کہ(بقیہ 36صفحہ 3پر)

دریائے نیلم میں ٹراٹ مچھلی کے بچوں کی افزائش کیلئے اقدامات، پونگ چھوڑ دیئے گئے

آبی حیات کا تحفظ، سیاحت کا فروغ اور مقامی معیشت کی بہتری حکومت کی ترجیحات ہیں، وزیر جنگلات وقار احمد

نیلم (این این آئی)وزیر جنگلات، وائلڈ لائف و فشریز آزاد کشمیر کرنل (ر) وقار احمد نور نے محکمہ وائلڈ لائف وفشریز کے زیر اہتمام قائم ٹراٹ ہیچری میں پرورش پانے والی مچھلی کے بچوں (پونگ) کو دریائے نیلم میں چھوڑ دیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر جنگلات نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد دریائے نیلم میں ٹراٹ مچھلی کی قدرتی افزائش کو فروغ دینا، آبی (بقیہ 37صفحہ 3پر)

وزیر مذہبی امور سے ترکمانستان کے سفیر آتاجان مولاموف کی ملاقات

مذہبی اور ثقافتی روابط کو مزید وسعت دے کر دونوں برادر ممالک کے درمیان تعلقات کو نئی جہت دی جاسکتی ہے، فریقین کی بات چیت

اسلام آباد(این این آئی)وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سے جمعرات کو ترکمانستان کے سفیر آتاجان مولاموف نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور ترکمانستان کے مابین مذہبی تعلیم، ثقافت، باہمی روابط اور دوطرفہ تعاون کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں وفاقی سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا بھی شریک تھے۔

ارملکی دفاعی تعاون پاکستان کی دفاعی خودانحصاری اور برآمدات بڑھانے کا اہم موقع ہے، محمد عبدالقادر

چاروں ممالک کے درمیان یہ تعاون امن، استحکام اور مشترکہ مفادات کے تحفظ کے لیے ایک مثبت پیش رفت ثابت ہوسکتا ہے

کوئٹہ(این این آئی) سینیٹر محمد عبدالقادر نے پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا کے درمیان دفاعی تعاون کے معاہدے کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ دوست ممالک کے درمیان یہ تعاون پاکستان کی دفاعی صنعت کی ترقی، تکنیکی صلاحیتوں میں اضافے اور مشترکہ پیداوار کے نئے مواقع پیدا کر سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی دفاعی و سفارتی تعاون بڑھانے کی کوششیں قابل تحسین ہیں۔اب ضروری ہے کہ اس پیش رفت کو واضح اہداف اور مقررہ مدت کے ساتھ عملی منصوبوں میں تبدیل کیا جائے۔پاکستان میں مشترکہ پیداواری منصوبوں، تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی کو ترجیح دی جائے تا کہ ملکی دفاعی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت مزید مضبوط ہو اور درآمدات پر انحصار کم کیا جا سکے

سی ڈی اے انفورسمنٹ آپریشن کے دوران 58 عمارتیں سیل، 25 کروڑ 5 لاکھ 90 ہزار روپے سے زائد کی ریکوری

چیئرمین سی ڈی اے کا اسلام آباد ایکسپریس وے ایسٹ پراجیکٹ کا دورہ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف نے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ پراجیکٹ کا دورہ کیا۔



استامحمد، ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال ہفتہ وار منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں